Mulhim-i-Tarikh (Tarjamah)
Mulakh Khas Taslim,
by
Anwar Husain Taslim

لتعلموا عدد السنین والحساب

فن تاریخ گوئی کے حصول و قواعد اور ان پر محققانہ بحث طالبان فن کے لئے اُستادی مت رسالہ

موسوم بہ

مُلہمِ تاریخ

۱۳۲۶ھ

ترجمہ

مُلخّصِ تسلیم

۱۳۱۳

[illegible]

مترجمہ

شاعر ماہر مولوی سید اقتدار احمد صاحب ساحر سہسوانی بفرمائش جناب منشی ایس ابن علی صاحب

ایڈیٹر اخبار نیر اعظم مراد آباد

دسمبر ۱۹۱۳ء

ایس ابن علی نے اپنے مطبع مطلع العلوم مراد آباد میں چھاپا

اور شایع کیا

فن تاریخگوئی کے اصول و قواعد اور ان پر محققانہ بحث طالبان فن کے لیے اُستاد بے منت رسالہ
موسومہ بہ
ملہم تاریخ
۱۳۲۶
مترجمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ابجد خوان مکتب بے استعدادی بندہ مرزا احمد شاہ بیگ جوہر مرادآبادی کہ خوشہ چین خرمن تسلیم
واجب التعظیم ہے بخدمت ارباب بصیرت واصحاب لیاقت عرض پرداز ہے کہ فنون لطیفہ شاعری میں فن تاریخگوئی جسقدر دشوار تر اور تکلف
آمیز ہے اسیقدر بکار آمد اور نتیجہ خیز ہے۔ ورنہ گل وبلبل کے دل خوش کن فسانے۔ اور فرضی معشوقونکے من گھڑت گلے شکوے
ایک خیالی تصویر پرستی ہوا کی وصلت کی التجا۔ غم جدائی کی دل جنبان رام کہانی جھوٹی واہ واہ پر اظہار تفاخر کبھی نکتہ چینی پر اظہار غم
وغصہ متقدمین کے مضامین کی تراش خراش بحیلہ توارد۔ معاصرین کے کلام پر بیجا الزام طعن بزعم خود رسائی ہے۔ دلی ولکھنؤ کا دعویٰ درستی
زبان کے حیلے سے اظہار۔ روز مرہ کی سادہ بول چال کا محاورہ بنے بنائے بہانے سے ایچ پیچ کے ساتھ اعلان۔ ہجر وغیرہ
ایسی باتیں ہیں کہ نہ تو زمانہ دنیا ہی میں کچھ کام دیتی ہیں اور نہ عقبیٰ میں ذریعہ نجات ہو سکتی ہیں۔ پھر ایسی شعر وشاعری اور محنت کی وجہ دہری
سے بجز تضیع اوقات کیا حاصل ہے۔ البتہ فن تاریخگوئی ایسا فن ہے کہ ہمیشہ واقعات کے ساتھ صحت واقعہ اور وقائع نگار دونوں کو زندہ جاوید کیا ہے
اسی وجہ سے حضرت استادی منشی نواب حسین صاحب مرحوم تسلیم سہسوانی نے تمام اصناف شاعری میں صنف تاریخگوئی کو منتخب فرمایا
اور اپنی عمر عزیز کا طولانی حصہ اسی فن شریف کے حصول و اعلائے فن میں صرف کیا۔ آخر عمر میں اپنے ایک رسالہ "ملخص تسلیم" تحریر فرمایا ہے
گویا دریا کو کوزہ میں بھر دیا ہے۔ اگرچہ استاد مرحوم نے بلحاظ وسعت اعتقاد و کمال تیش کیا اس رسالہ کو سلیس فارسی میں تحریر کیا ہے۔ مگر اس زمانہ میں علم فارسی
دنیا سے بالکل معدوم ہو چلا ہے اسلئے عوام الناس اس رسالہ کی زبان اور دقیق عبارتکو بعید الفہم سمجھکر کچھ فائدہ نہیں اٹھاتے ہیں اور مصنف کی محنت
اور دماغ سوزی غریب کی جوانی یا جاڑوں کی چاندنی کیطرح بیکار جاتی ہے۔ لہٰذا ہر لحاظ کے ہمارے مہربان شاعر ماہر سید اقتدار احمد صاحب
ساحر سہسوانی نے اسکا ترجمہ زبان اردو میں کیا ہے جو بصورت کتاب "ملہم تاریخ" کے نام سے موسوم ہو کر ہدیہ ناظرین ہے
قاعدہ کلیہ ہے کہ جو لطف فصاحت وحسن بلاغت اصل کتاب اور کسی خاص زبان میں صاحب کمال مصنف پیدا کرتے ہیں وہ دوسری
زبان میں مثل لباس غیر وہ حسن وخوبی نہیں رہتی۔ چنانچہ یہ ترجمہ بھی اس قاعدہ کلیہ سے مستثنےٰ نہیں ہے۔ مگر تصنیف عظیم ہے تو تشنہ
اور خرمن بزرگ سے خوشہ بھی غنیمت ہے۔ بہرحال "نو نقد بہ ہوتے ہیں تیرہ ادھار سے" جو فن لطیف زبان فارسی
کے دشوار گزار حصار میں محصور ہونیکی سبب عوام کی رسائی سے دور تھا وہ ایسے نخاس میں آگیا جہان معمولی زبان دان
کی دسترس بھی ممکن ہے۔ اور جو لعل شب چراغ بیقدری زمانہ سے بیکار پڑا تھا اب اسکی روشنی سے ہر کس و ناکس مستفید
ہو سکتا ہے اس اعتبار سے حضرت "ساحر" نے جو کام کیا ہے معجزہ سے کم نہیں ہے۔ منشی صاحب موصوف کے کرنیکا
جو کام تھا باحسن وجوہ انجام دیا۔ اب اس بہار جانفزا سے گل مقصود حاصل کرنا شائقین کی ہمت اور قدردانی پر منحصر ہے
خدای علیم سے دعا ہے کہ اسکو قبولیت عام کا درجہ حاصل ہو۔ اور ہر قدردان علم اس کے اکتساب کی جانب
مائل ہو۔ آمین ثم آمین۔

۲۵ ستمبر ۱۹۱۱ء۔ مقام سنبھل ضلع مرادآباد

ملہم تاریخ

۱۳۲۶ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد خلّاق انس و جان کے لئے
نعت ہے سرورِ جہان کے لئے

قدیم شعر و شاعری کے ساتھ فنِ تاریخگوئی کا بازار بھی سرد ہوتا جاتا ہے اور دیگر محاسن نظم و نثر کی طرح اس فن کا چراغ بھی کچھ یونہی ساٹمٹماتا ہوا نظر آرہا ہے۔ کیونکہ اب اس کا مصرف صرف اسیقدر رہگیا ہے کہ اگر ملک میں کوئی نامور مرجائے تو اس کے لئے کچھ فقرے یا چند قطعات تاریخ شایع کیے جائیں اور ان میں سے جو مادہ مرغوب طبایع اور مناسب حال ہو اس کو سنگ مزار پر کندہ کردیں۔ یا کسی جدید عمارت کے دروازہ پر کہیں کوئی تاریخ نظر آجاتی ہے۔ اس کے سوا اب اور کوئی واقعہ ایسا نہیں معلوم ہوتا جسکے لئے اس کے اہل فن کو تکلیف کرنے کا موقع ملے۔ مگر اب کچھ دنوں سے اردو زبان کو ایک علمی زبان بنانے کا خیال اہل ملک میں پیدا ہوتا جاتا ہے اور روز بروز اسکی لائبریری میں علوم قدیمہ و جدیدہ کی نئی نئی کتابیں اضافہ ہوری ہیں۔ زمانہ گذشتہ کی تاریخیں۔ لائق لوگونکی سوانحعمریاں تاریخی واقعات سے بھرے ہوئے ناول فارسی اور اردو زبان کے متعلق ادبی کارنامے۔ نیچرل شاعری کے رنگ میں رنگی ہوئی نظمیں قومی جوش سے بھری اور حکایتیں ہمارے ملک کے اہل قلم کے پُر زور ہاتو ں سے بکثرت فراہم ہوری ہیں ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ اگرچہ ہم آج ان بیش بہا تصانیف کو اوس وقعت کی نظر سے نہیں دیکھتے جسکے

کہ وہ مستحق ہین اور اونکی سچی قدر دانی مین بہت کچھہ کمی کر رہے ہین - مگر کیا عجب ہے کہ کل ہی ہماری آنیوالی نسلین اسکی تلافی کرکے اپنی ملکی زبان کو ترقی کی معراج پر پہونچا دین اور پبلک کو آئینۂ علمی فخر دکہا کر خود کو علمی زبان والا منوالین - قواعد تاریخگوئی مین کسی محقق ذیعلم نے کوئی ایسی مبسوط کتاب جو طالب فن کے لئے بخوبی رہنما ثابت ہو اور اوس کے اہم مسائل کو آسانی سے اردو زبان مین طے کر دے اسوقت تک تصنیف و تالیف نہین کی - بعض رسائل غیر معتبرہ جو عوام کے ہاتون مین نظر آتے ہین وہ محض ناکافی قابل معافی ہین - ہان ہمعدد الفاظ جمع کرنے مین ہمارے لائق کار گذارون نے بہت کچھہ کوشش کی ہے اور کر رہے ہین - اس فن کی مشہور کتابین کان تاریخ - گلبن تاریخ - آئینہ تاریخ - عقد آل تاریخ وغیرہ الفاظ کے بہت اچھے خزانے ہین - مگر اس فن کو دیکھتے ہوئے یہ کہا جا سکتا ہی کہ دریاے ناپیدا کنار کا ایک قطرہ اور صحراے وسیع کا ایک ذرہ ہین تاہم ایک حد تک مورخ کے لئے اچھی معین و مددگار ہین - قواعد فن تاریخگوئی مین ملخص تسلیم مصنفہ سرآمد اہل کمال شاعر نازکخیال ہمپایہ قدسی و کلیم منشی محمد انوار حسین تسلیم بیدرجہ راقم الحروف ایک عجیب و غریب کتاب ہے جو ہند و بولہا بال ہے کہ بسعی منشی محمد امجد علی صاحب مرحوم مالک مطبع اخبار نیر اعظم مرادآباد طبع ہو کر مطبوع طبایع خاص و عام ہو چکی ہے نہایت محققانہ اور بے مثل کتاب ہے - اور غالبا اس سے قبل کوئی کتاب ایسی مبسوط اور جامع اس فن مین شایع نہین ہوئی - اس کے معانی و مضامین دیکھکر بے اختیار جی چاہا کہ اس کی دقیق فارسی کو سلیس اردو کا لباس پہنا کر پبلک کے سامنے پیش کرون -

سید افتدا احمد ساحر سہسوانی ۲۵ - ذالحجہ سنہ ۱۳۲۶ ہجری

معلوم ہو کہ یہان نظر کتابت رسم الخط پر ہے نہ تلفظ پر اسی لئے مورخین نے کتابت کو معتبر رکھا ہے اور تلفظ کو چھوڑ دیا ہے - بخلاف اس کے عروضیون نے تلفظ کو معتبر رکھا ہے اور کتابت کو چھوڑ دیا ہے کیونکہ اونکے فن کا مدار اوزان پر ہے - صاحب عقد الجواہر نے کہا ہے کہ جب لفظ رسم مین مختلف ہو مثل موسیٰ و عیسیٰ کے کہ کتابت مین یا ہے اور تلفظ مین الف - یا مثل صلوۃ و زکوۃ کے کہ کتابت مین ہا ہے اور تلفظ مین تا - ایک گروہ نے مکتوب کو معتبر رکھا ہے اور تلفظ کو چھوڑ دیا ہے - دوسرے گروہ نے ملفوظ کو معتبر رکھا ہے - اور مکتوب کو چھوڑ دیا - عبد اللہ مدیر یمنی نے قول اول کو بہتر مانا

ع ۵ مولفہ تسلیم سہسوانی ۱۲ ساحر سہسوانی

اور دوسرے کو نامعتبر۔ مخلص اصفہانی کہتے ہین کہ کتاب جمع ہے اور تلفظ روح پھر مغائرت کیسی
مرزا عبد العلی کاشانی کوکب تخلص مدرس مدرسہ یزدی مخلص اصفہانی کا قول ٹہیک مانا ہے
مؤلف۔ بعض نے قول اول کو حق مانا ہے۔ اور بعض نے ثانی کو اب تاریخ کی جو حقیقت کتب معتبرہ
سے ثابت ہے مختصراً بیان کرتا ہون۔ تاریخ کے معنی لغت مین کسی چیز کا وقت پیدا کرنے کے ہین۔
اور اصطلاح مین تعین کرنا ابتدا سے کسی امر عظیم قدیم مشہور کے تا ظہور امر ثانی تاکہ معلوم ہوجائے
مدت امر ثانی کی زمانہ آئندہ مین مدت ظہور امر اول سے۔ یہ پتا نہین لگتا کہ تاریخ کا موجد کون ہے اور
سب سے پہلے تاریخ ہجری کسنے کہی۔ ہان یہ پتہ لگتا ہے کہ آخر عہد اورنگ زیب مین محمد جعفر روحی نے
مطابق سنہ ہجری کی فصلی تاریخ کہی وہ ہجری تاریخ (ظہیر) اور فصلی (ظہور) ہے بس تاریخ
فصلی کا موجد روحی ہے۔ جب یہ شہرت ہوئی (۱۱۰۵ھ) تو لوگون کو معلوم ہوا کہ علاوہ ہجری (۱۱ الف) کے اور سنون مین
بہی تاریخ کہتے ہین۔ پہر رفتہ رفتہ یہانتک نوبت پہونچی کہ مورخین نے عیسوی و سنبت و مہدوی وغیرہ
بہی تاریخ کہنا شروع کردی اور اوسی وقت سے تاریخ مین صنائع اور بدائع ایجاد ہوئے۔ بیان
تواریخہائے مروجہ ہجری اوس سال سے مراد ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت فرمائی۔ اور اس سنہ نے زمانہ امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
مین رواج پایا۔ جسوقت یہ تاریخ مقرر ہوئی اوسوقت ہجرت رسول پاک کو سترہ سال ہوچکے تھے۔
سنہ ہجری کی ابتدا ماہ محرم سے ہوتی ہے۔ فصلی ایجاد ہی جلال الدین اکبر بادشاہ کی جسوقت سنہ
فصلی ایجاد ہوا اوسوقت سنہ ہجری نوسو اکہتر (۹۷۱) تہے سنہ ہجری۔ اور دوسرے سنون مین جو فرق ہوتا ہے
اوسکی وجہ یہ ہے کہ سال قمری سال شمسی سے نوپل بچاس گہڑی دس دن چہوٹا ہوتا ہے اور سال شمسی
سال قمری سے سات گہڑی کم گیارہ دن بڑا ہوتا ہے۔ اسی ایک مہینہ کی زیادتی کو لوند کہتے ہین۔ جب
سو سال شمسی گذرجاتے ہین تو سال قمری ہجری بر چند دن تین برس زیادہ ہوتے ہین۔ ابتدا سنہ
فصلی کی ماہ چیت سے ہوتی ہے۔ سنہ انگریزی اسکی ابتدا زمانہ ولادت حضرت عیسی علی نبینا وعلیہ
السلام سے ہے اسے عیسوی بہی کہتے ہین۔ اور ابتدا ماہ جنوری سے ہوتی ہے۔ سنبت منسوب ہے مہراج
بکرماجیت کیطرف۔ اور ستاون برس سال عیسوی سے زیادہ ہے۔ ابتدا ماہ چیت سے ہوتی ہے
شاکا راجہ سالباہن کی ایجاد ہے سنبت سے ایکسو پینتیس (۱۳۵) سال کم ہے ابتدا چیت سے ہوتی ہے
بردستہ بالکل سنبت کے مطابق ہے۔ تاریخ فارسی ابتدائی سلطنت یزدجرد سے لکہی سنہ
مہدوی زمانہ غیبت مہدی اور بعض کے نزدیک زمانہ ولادت سے ابتدا چودہوین شعبان سے

ہوتی ہے (یہ سنہ کی بنا شیعہ کے خیال کے موافق ہے) تاریخ جلوس وہ ہے کہ کسی بادشاہ کے زمانہ جلوس تخت سے شروع ہے اور بعد مرنے اوس بادشاہ کے ختم ہوجاتی ہے۔ چونکہ طول ہوتا ہے اسلئے تاریخ جلوس وغیرہ کا ذکر ہم نہین کرتے۔ آئین اکبری وغیرہ مین مفصل تحریر ہے۔ مورخین کے نزدیک تاریخ ایک لفظی صنعت ہے وہ یہ کہ کوئی حدیث یا شعر یا مصرعہ یا فقرہ یا مثل کسی واقعہ یا سانحہ کے حدوث پر بحساب جمل سنہ معرز بتا دے یعنی اوس کے اعداد لینے سے اوس واقعہ کے سنہ معلوم ہوجاوین مثال آیت قاضی ثناء اللہ پانی پتی نے اپنے مرشد شمس الدین مظہر جانجانان کی شہادت کی تاریخ نکالی ہے۔

اولٰئک مع الذین انعم اللہ ۔ مثال حدیث ۔ قطعہ

آن قبلہ ارباب تقی عاش حمیدا | وان قدوہ ارباب تقا مات شہیدا
مجموعہ ہر دو صفت سال وفاتش | مظہر رضی اللہ لقد کان سعیدا

دہلی مین ایک شخص نے اسی حدیث سے یون تاریخ نکالی ہے ۔ تاریخ

ہست حدیث پیغمبر صلی اللہ علیہ الاکبر | عاش حمیدا مات شہیدا سال وفات مظہر

مثال کلام دیگر ناسخ نے تاریخ وفات غازی الدین حیدر شاہ لکہنو کی مصرعہ شیخ مین کہی ہے شعر

گفت تاریخ مصرعہ اوستاد | اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

جمل بضم جیم تازی و میم مضموم مشدد نیز بہ تخفیف حساب اعداد حروف ابجد کو کہتے ہین اور ابجد کہتا ہے حروف مفردہ الف با تا ثا جیم الخ سے اور موافق ترتیب اعداد حروف کے آٹھ کلمے حروف مفردہ سے جو بنا ہین وہ یہ ہین ۔ ابجد ۔ ہوز ۔ حطی ۔ کلمن ۔ سعفص ۔ قرشت ۔ ثخذ ۔ ضظغ ۔ بعض لوگ کہتے ہین ۔ ابا جاد ایک بادشاہ کا نام تہا ۔ جسکا مخفف ابجد ہے اور باقی سات کلمے اوسکے سات بیٹون کے نام ہین ۔ بعض لوگ کہتے ہین کہ مرامر نامی ایک شخص تہا جسنے خط لکہنا ایجاد کیا تہا ۔ یہ آٹہون کلمے اوسکے آٹھ بیٹون کے نام ہین ۔ بعض لوگ کہتے ہین ابجد حضرت ادریس علیہ السلام کی ایجاد ہے کہ انہا سب حروف کو ترتیب دیکر آٹھ کلمے بامعنی بنائے ہین ۔ اون آٹہون کلمون کے یہ معنی ہین ۔ ابجد شروع کیا ۔ ہوز ملا دیا ۔ حطی ۔ واقف ہوا ۔ کلمن سخن گو ہوا ۔ سعفص جلد سیکھ لیا ۔ قرشت ترتیب دی ۔ ثخذ ۔ دل مین لیلیا ضظغ تمام کیا ۔ اس ابجد مین آٹھ کلمے ہین ۔ پہلا ۔ چوتہا ۔ پانچوان ۔ چہٹا ۔ چہار حرفی ۔ دوسرا تیسرا ساتوان ۔ آٹہوان ۔ سہ حرفی ۔ بعض کتب مین ابجد آدم علیہ السلام بہی موجود ہے جسکے سات کلمے ہین

ع مولف نے جتنے اقوال نقل کئے ہین کسی سند صحیح کے ساتھ منقول نہین ہین واللہ اعلم ۱۲ ساحر سہوانی ۔

اور ہر کلمہ چہار حرفی ہے۔ گو بظاہر بے معنی معلوم ہوتے ہیں۔ مگر محقق ہے کہ سریانی عبرانی زبانوں میں انکے
کچھ معنی ہوں وہ یہ ہیں۔ ابجد ۔ ہجز ۔ ذرنش ۔ شصفط ۔ طعغف ۔ تکلم ۔ وہی ان
ساتوں کلموں کا پہلا حرف مفتوح دوسرا مکسور تیسرا مضموم چوتھا ساکن ہے۔

ابجد ہوز حطی کلمن سعفص

ا ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن س ع ف ص

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰ ۶۰ ۷۰ ۸۰ ۹۰

قرشت ثخذ ضظغ

ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ

۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰ ۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰ ۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰

حروف مساوی الاعداد ب ت ح د ر ز ک
پ ٹ چ ڈ ڑ ژ گ
۲ ۴۰۰ ۸ ۴ ۲۰۰ ۷ ۲۰

ضظغ ابجد ہوز حطی کلمن سعفص قرشت ثخذ

دائرہ اعداد حروف ابجد

رضا قلی خان تخلص بہ ہدایت ملک الشعرا طہران زمانہ ناصر الدین شاہ قاجار مین برہان وجہانگیری کی تحقیق کرتا تھا اور اُسنے دوسرا لغت فرہنگ ناصری لکھا۔ دیباچہ کے آئین ششم مین لکھا ہے۔ مفاخرات الاوائل بن شمس المعارف سے لیا ہے۔ سب سے پہلے جو چیز حضرت آدم علیہ السلام پر نازل ہوئی حروف ہجا تھے۔ ابوذر رضی اللہ عنہ نے رسول پاک سے پوچھا کہ آدم علیہ السلام پر کونسی کتاب نازل ہوئی آپ نے فرمایا کتاب معجم ا ب ت ث ج الخ ابوذر رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ کتاب معجم کے کتنے حروف تھے آپ نے فرمایا انتیس ۲۹ ابوذر نے کہا کہ لوگ تو اٹھائیس شمار کرتے ہین۔ رسول پاک نے قسم کھائی اور فرمایا معہ لام الف صحیفۂ آدم ستر ہزار فرشتون کے ساتھ نازل ہوئے اور جو شخص لام الف کو شمار نہ کرے وہ مجھپر ایمان نہین لایا اور کافر ہے
بعد کو امام جعفر رضؓ کا قول نقل کیا ہے۔
صاحب مطلع العلوم ومجمع الفنون نے اس قاعدہ کو ترفع ترقی تنزل سادات مین قایم کیا ہے۔

ع ہماری یہان اہل سنت والجماعت کی کتابون مین کہین اس کا پتہ نہین - واللہ اعلم ۱۲- ساحر سہسوانی

اور تشریح یون کی ہے ۔ سطر اول کو سطر اساس اور سطر ثانی کو سطر نظیرہ کہتے ہین ۔ اور اس کا نام دائرہ نظیرہ ہے ۔ وہ یہ ہے

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

نظام الدین ۔ نظام تخلص ۔ مصنف عقل و شعور صفحہ ۳۰۹ لکھتے ہین دائرہ نظیرہ ابجدی اس مین دو سطرین متقابل لکھی جاتی ہین سطر اول کو اساس دوسری کو نظیرہ کہتے ہین ۔ ہر خانہ کی دو متقابل سے حروف باہم تحریر ہوتے ہین ان حرفون کا مبادلہ اسطرح کیا جاتا ہی کہ اوپر کا حرف اپنے نیچے کے حرف سے اور نیچے کا حرف اپنے اوپر کے حرف سے بدلکر تحریر مین آتا ہی ۔ اور ایسے طرح پر منقوط اور غیر منقوط کو بھی لکھکر اپنا مطلب اصطلاح مین ادا کرتے ہین ۔ نجومیون نے بھی ایک ابجد ایجاد کیا ہی اوسکے سات کلمے ہین ۔ اور ساتون چہار حرفی ہر کلمہ سبعہ سیارہ سے متعلق ہے ۔ اور سات سات آتشی ۔ بادی ۔ آبی ۔ خاکی ہین

ہفت کلمہ اہل تنجیم	ابجد	ہوزح	طیکل	منسع	فصقر	شتثخ	ذضظغ
سبعہ سیارہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
آتشی	ا	ہ	ط	م	ف	ش	ذ
بادی	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
آبی	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
خاکی	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ

راجہ علیجان صاحب مطلع العلوم و مجمع الفنون مطبوعہ مطبع اودہ اخبار صفحہ (۳۰۲) پر لکھتے ہین ۔ فصل دوم در بیان طریق بسط حروف واضح ہو کہ بسط کے معنے کہولنے کے ہین اور اصطلاح ارباب علم مین ایک حرف سے دوسرا حرف پیدا کرنے کو کہتے ہین ۔ بسط کی کئی قسمین ہین جس مین سے چند بیان ہوتے ہین ۔ اول بسط ترفع ۔ اس کی تین قسمین ہین ۔ نوع اول بسط ترفع عددی ۔ ترفع عددی کہتے ہین لیجانے مرتبہ حروف کو احاد سے عشرات پر اور عشرات سے ماتہ پر ۔ یعنی اکائی کو دہائی اور دہائی کو سیکڑہ پر لیجانا ۔ مثلاً لفظ واحد کی چارون حروف مرتبہ احاد پر ہین ۔ جب ترفع عددی کرین ۔ می ۔ ی

ف - م - حاصل ہوئے - یہ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ واؤ کے چھ عدد ہین - جب ترفع عددی کیا یعنی
احاد سے عشرات پر لے گئے تو چھ عدد کے جگہ ساٹھ ہوئے - ساٹھ عدد کا حرف (س) ہے اور الف کا ایک
عدد ہے - جب عشرات پر لے گئے تو دس ہوئے حرف دس عدد کا (ی) ہے اور اسیطرح حرف (ن)
سے (ف) اور (د) سے (م) حاصل ہوئی تفصیل ان حروف کی جو موافق اعداد کے احاد سے عشرات
سے ماٰ تک پہونچتے ہین یہ ہین - ا - ی - ق - ر غ + ب - ک - ر + ج - ل - ش +
د - م - ت + ہ - ن - ث + و - س - خ + ز - ع - ذ + ح - ف - ض

(۱ - ۱۰ - ۱۰۰ - ۱۰۰۰ + ۲ - ۲۰ - ۲۰۰ + ۳ - ۳۰ - ۳۰۰ + ۴ - ۴۰ - ۴۰۰ + ۵ - ۵۰ - ۵۰۰ + ۶ - ۶۰ - ۶۰۰ + ۷ - ۷۰ - ۷۰۰ + ۸ - ۸۰ - ۸۰۰)

ط - ص - ظ (۹ - ۹۰ - ۹۰۰) + کسی شوخ طبع نے ان حروف کو یون ترتیب دیا ہے - ایقغ - بکر - جلش - دمت
ہنث - وسخ - زعذ - حفض - تاریخ کی بنا اعداد حروف ابجد پر ہے خواہ اعداد صوری ہون -
خواہ معنوی - اور اعداد مضمر کو سنہ ہجری و عیسوی و فصلی و سنبت وغیرہ کی مطابق کرتے ہین.
اعداد کے چار درجہ ہین - پہلا احاد - دوسرا عشرات - تیسرا مات - چوتھا الوف - مثال اول لفظ ادب
اس مین چارون حرف درجہ احاد مین ہین - مثال دوم - علم - اس مین تینون حرف درجہ عشرات مین ہین
مثال سوم (مشرق) اسمین تینون حروف درجہ مات مین ہین - مثال چہارم - الوف کی کوئی مثال نہین ملی -
ہان لفظ (سرغ) اس مین (س) عشرات اور (ر) مات اور (ا) احاد اور (غ) الوف مین ہے -

نوع دوم ترفع حرفی - ترفع حرفی کہتے ہین پہنچا دینے درجہ حرف کو اپنے درجہ اصلی سے درجہ بالا پر یعنی
بدل دینا حرف کو اوس کے مابعد سے - مثلاً (و) کو (ز) سے اور (ا) کو (ب) سے اور (ح) کو (ط)
سے اور (د) کو (ہ) سے ترفع حرفی کیا تو لفظ واحد سے (زبطہ) حاصل ہوئی - نوع سوم ترفع
طبعی - ترفع طبعی کہتے ہین بدلدینے حرف کو موافق طبیعت حرف کے یعنی خاکی کو آبی اور آبی کو بادی
اور بادی کو آتشی سے - چونکہ عنصر آتش کا سب سے بالا ہے - اور اوس سے بالا کوئی دوسرا عنصر
نہین اسواسطے حروف آتشی کا ترفع نہین ہوتا اسلئے حروف آتشی کو اپنی ہی جگہ چھوڑ دیتے ہین اٹھائیس
حروف مین سے سات حروف آتشی - سات بادی سات آبی - سات خاکی - اس تفصیل کے ساتھ مین
حروف آتشی ا - ہ - ط - م - ف - ش - ذ + حروف بادی ب - و - ی - ن - ص - ت -
ض - حروف آبی - ج - ز - ک - س - ق - ث - ظ - حروف خاکی - د - ح - ل - ع - ر -
خ - غ - حروف آتشی کے لئے ضمہ - حروف بادی کے لئے فتحہ - حروف آبی کے لئے کسرہ -
حروف خاکی کے لئے جزم مقرر ہے - دوم بسط عددی ملفوظی - وہ یہ ہے کہ ہر حرف کو ملفوظی کرین

ترفع حرفی

ترفع طبعی

بسط عددی ملفوظی

اور اوس کے عدد لیکر دوسرے حروف حاصل کرین۔ مثلاً حروف لفظ واحد کو ملفوظی کیا تو واو۔ الف
حا۔ دال۔ ہوئے۔ اب عدد واو کے تیرہ ہوئے اور تیرہ عدد کے حروف ج۔ ی۔ ہین اور عدد الف
کے ایکسو گیارہ ہوئے اور حروف ایکسو گیارہ عدد کے ق۔ ی۔ ا ہین۔ عدد حا کے نو ہین حرف
نو عدد کا طا ہے۔ عدد دال کے پینتیس ہین حروف اونکے ہ۔ ل۔ ح ہین بسط عددی ملفوظی سے جتنے
حروف لفظ واحد کے حاصل ہوئے یہ ہین۔ ج۔ ی۔ ق۔ ی۔ ا۔ ط۔ ہ۔ ل۔ سوم بسط تضاعف
بسط تضاعف بسط تضاعف کہتے ہین دوگنا کر دینے اعداد حروف کو۔ مثلاً لفظ واحد کو بسط تضاعف کیا
تو حرف واو کہ چھ عدد ہین جب دوگنا کیا تو بارہ ہوئے اور حرف اسکے ب۔ ی ہین الف کا ایک
عدد ہے دوگنا کیا دو ہوئے حرف اس کا ب ہے۔ حرف حا کے آٹھ عدد ہین دوگنا کیا سولہ ہوئے
حرف اسکے و۔ ی ہین۔ دال کے چار عدد ہین دوگنا کیا آٹھ ہوئے حرف اس کا ح ہے۔ قاعدہ تضعیف
سے لفظ واحد کے جتنے حروف ہوتے یہ ہین ب۔ ی۔ ب۔ و۔ ی۔ ح۔ چہارم بسط تقوی۔ اسکی
تین قسمین ہین ایک ضرب باطن کا۔ باطن حروف مین اونکے اعداد اصل کے ساتھ۔ دوسری ضرب ظاہر کی
ظاہر حروف مین بموجب اعداد درجون حروف کے۔ تیسری ضرب باطن کی ظاہر حروف مین۔ مثلاً لفظ واحد
کی ضرب باطن در باطن بہ تعداد اعداد اصلی کرین تو حرف واو کے چھ عدد ہین چھ سے ضرب دی چھتیس
ہوئے اور حرف اونکے و۔ ل۔ ہین الف کا ایک عدد ہے ایک کو ایک سے ضرب دی ایک ہی ہوا
حرف اس کا آ ہے۔ ح کے آٹھ عدد ہین آٹھ سے ضرب دی تو چونسٹھ ہوئے حرف اس کے د۔
س۔ ہین۔ دال کے چار عدد ہین چار سے ضرب دی سولہ ہوئے حرف اسکے و۔ ی ہین۔ بقاعدہ
ضرب باطن در باطن حروف بہ تعداد اعداد اصل جو حروف لفظ واحد سے حاصل ہوئے یہ ہین۔ و۔ ل۔
ا۔ و۔ س۔ و۔ ی۔ دوم ضرب ظاہر۔ ظاہر حروف مین بموجب اعداد درجون حروف کے۔ مثلاً لفظ
سعید کہ سین بموجب ترتیب ابجد۔ پندرھوین درجہ مین ہے۔ جب پندرہ کو پندرہ سے ضرب دی تو دوسو پچیس
ہوئے اور حروف اونکے ہ۔ ک۔ ر ہین عین کہ سولھوین درجہ مین ہے سولہ سے ضرب دی تو دوسو چھپن ہوئے
حروف اس کے و۔ ن۔ ر ہین۔ یا کہ دسوین درجہ مین ہے دس سے ضرب دی سو ہوئے حرف اس کا ق ہے
دال چوتھے درجہ مین ہے۔ چار سے ضرب دی سولہ ہوئے۔ حرف اسکے و۔ ی ہین۔ جملہ حروف کہ بقاعدہ
تقوی ظاہر در ظاہر بموجب اعداد درجون حروف کے لفظ سعید سے پیدا ہوئے یہ ہین ہ۔ ک
ر۔ و۔ ن۔ ر۔ ق۔ و۔ ی۔ سوم ضرب باطن در ظاہر حروف مثلاً سین لفظ سعید کہ ساٹھ عدد ہین
اوسکے درجہ اعداد مین کہ پندرہ ہوا ان سے ضرب دی نو سو ہوئے حرف اس کا ظ ہے۔ عین کہ ستر

عددہین اوسکے درجہ اعداد مین کہ سولہوان ہی ضرب دی ایکہزار اکیسویں ہوے ۔حروف اوس کے ۔ک
ق ۔غ ہین ۔دال کہ چار عددہین اوسکی درجہ اعداد مین کہ چوتہا ہے ضرب دی سولہ ہوے حروف اسکے
و ۔ی ۔ہین ۔مجموعہ اون حروف کا جو لفظ سعید سے بموجب اس بسط کے حاصل ہوے یہ ہے خ ۔
ک ۔ق ۔غ ۔ق ۔د ۔ی ۔پنجم بسط زُبر و بینات ۔وہ یہ ہے کہ حرف کو بسط ملفوظی کرین ۔مثلاً لفظ
سعید کو ملفوظی کیا تو س ۔ی ۔ن + د ۔ا ۔ل + ہوے اب انمین ہر تین حرف ملفوظی کی حرف اول کو زبر اور
اخیر کو بینات کہتے ہین ۔مثلاً حرف سین مین تین حرف ہین ۔س ۔ی ۔ن ۔تو حرف اول یعنی ۔س کو زبر اور ی
ن کو بینات کہتے ہین ۔اسیطرح ۔عین مین ۔ع ۔زبر ۔ی ۔ن ۔بینات ہین ۔اور دال مین ۔د ۔زبر ۔ا ۔ل
بینات ہین ۔ششم بسط تنصیف وہ یہ ہے کہ اعداد حروف کی یہانتک تنصیف کرین کہ کسر آئے پہر اون حروف
کے اعداد لیکر اعداد سے حرف بناتے ہین مثلاً لفظ سعید کو جب بسط تنصیف کرین تو سین کہ ساٹھ عدد ہین
نصف کیا تیس ہوے حرف اس کا ل ہے ۔پہر تیس کو نصف کیا تو پندرہ ہوے حروف اس کے ہ
ی ۔ہین ۔چونکہ پندرہ کو نصف کرنے مین کسر آتی ہے اسلئے پندرہ کا نصف ناممکن ۔عین کے
ستر عدد ہین نصف کیا پینتیس ہوے حروف اوس کے ہ ۔ل ہین چونکہ پینتیس کی تنصیف مین کسر آتی ہی
اسلئے پینتیس کا نصف نہوگا ۔یا کے دس عدد ہین نصف کیا پانچ ہوے حرف پانچ عدد کا ہ ہے
اب پانچ کی نصف کرنے مین کسر آتی ہے اسلئے پانچ کا نصف نہوگا اب دال کو لیا کہ چار عدد ہین
نصف کیا دو ہوے حرف اس کا ب ہے بعدہ دو کو آدہا کیا تو ایک ہوا اور حرف ایک عدد کا ا ہے
مجموعہ اون حروف کا جو لفظ سعید سے بقاعدہ تنصیف ہوا یہ ہے ۔ل ۔ہ ۔ی ۔ہ ۔ل ۔ہ ۔ا
ہفتم بسط مداخل اربعہ وہ یہ ہے کہ جس لفظ یا عبارت کو چاہین بحساب ابجد عدد لین ۔اور اعداد سے
حروف لین ۔اعداد حروف کی چار قسمین ہین ۔کبیر ۔وسیط ۔صغیر ۔اصغر ۔کبیر وہ ہی کہ اعداد اصلی الفاظ
یا عبارت کے ہون جتنے بھی ہون ۔وسیط وہ ہے کہ اونکو احاد کیطرف سے ایک درجہ کم کرین اور عدد
صغیر وہ ہے کہ وسیط سے ایک درجہ کم کرین ۔عدد اصغر وہ ہی کہ صغیر سے بہی ایک درجہ کم ہون ۔
مثلاً لفظ سعید کے ایکسو چوالیس عدد ہین اور حروف اوس کے ۔د ۔م ۔ق ۔ہین یہ عدد کبیر ہوے
ان اعداد مین تین درجہ ہین ۔پہلا احاد کا کہ چار ہے ۔دوسرا عشرات کا کہ چالیس ہے ۔تیسرا درجہ
مات کا جو سو ہے ۔جب اسے وسیط کرین ایک مرتبہ احاد کو عشرات مین ادغام کرین تو اعداد ایک سو
آٹھ ہوے ۔حروف اسکے ۔ح ۔ق ہین ۔اب اسے صغیر کرین تو صغیر کو حافظ مرتبہ عشرات کا ہے
احاد مین کہ آٹھ ہین ادغام کرین تو اٹھارہ ہوے ۔اسطرح (۱۸) اور حروف اس کے ۔ح ۔ی

بسط زبر و بینات (۵)

بسط تنصیف (۶)

بسط مداخل اربعہ (۷)

ہین ۔ اب اگر اس صغیر کو اصغر کرین تو احاد کو عشرات مین ادغام کرین تو اسطرح نو ہوتے ۔ (۹)
حرف اس کا ط ہے ۔ مجموعہ حروف کا کہ بسط ملاحظل اربعہ سے حاصل ہوئے یہ ہین د ۔ م ۔ ق ۔ ح
ن ۔ ہ ۔ ی ۔ ط ۔ تو اعداد بسط حروف کے تین سو ساٹھ ہین مبتدیون کے لیے اسقدر کافی سمجھی گئی
انتہی ۔ جاننا چاہیے کہ علم جفر مین حروف چار قسم کے ہین ۔ اول ترفع دوم ترقی سوم مساوات
چہارم تنزل ۔ تفصیل اسکی یہ ہے حروف ترفع ۔ ب ۔ د ۔ و ۔ ح ۔ ی ۔ ل ۔ ن ۔ حروف ترقی ۔ ع
ص ۔ ت ۔ ر ۔ خ ۔ ض ۔ غ ۔ حروف مساوات ۔ ا ۔ ج ۔ ہ ۔ ز ۔ ط ۔ ک ۔ م ۔ حروف تنزل
ظ ۔ ذ ۔ ث ۔ س ۔ ق ۔ ف ۔ ش ۔ حساب جمل کی تین قسمین ہین اول صغیر ۔ دوم وسیط ۔ سوم کبیر
جمل صغیر وہ ہے کہ بحساب ابجد عدد مقررہ ذات حرف کے لین جیسے ایک عدد الف کا اور اسی کو
زبر کہتے ہین ۔ جمل وسیط وہ ہے کہ حروف کے نام مین جتنے حروف ہون اون مین سے حرف اول کو
چھوڑ دین اور اعداد باقی حروف کے بحساب ابجد لین ۔ جیسے الف سے آ ۔ چھوڑ دیا ۔ اور ان کے
عدد لے لیے پس الف کے عدد ایکسو دس ہوے اور اسی کو بینات کہتے ہین ۔ جمل کبیر وہ ہے کہ زبر و بینات
یعنی تمام حروف اسم حرف کو لکھین اور اون سب کے عدد شمار کرین ۔ جیسے الف ا ۔ ل ۔ ف پس
جملہ عدد حروف اسم حرف یعنی الف کے ایکسو گیارہ ہوے ۔ عزیزی سید این علی صاحب جمل
مراد آبادی نے کہ مجھسے برادرانہ خصوصیت رکھتے ہین اور اردو زبان کے لائق شاعر ہین عربی
زبان کی ایک قلمی کتاب تحفتاً مجکو دی ۔ اوس مین یہ مضمون نظر سے گذرا ۔ زبر و بینات قاعدہ قدیم ہے
اور حکیم ارسطاطالیس وزیر شاہ سکندر کی ایجاد ہے ۔ حکیم بطلیموس نے اس قاعدہ کی بڑی تعریف کی ہے
اور اس قاعدہ کا نام جمل کبیر رکھا ہے ۔ معلوم ہو کہ تاریخ کے لیے زبر مقرر ہے ۔ اور بینات تفریح طبع
مورخ ۔ اسیواسطے بینات مین تاریخ کم کہتے ہین ۔ متقدمین مین کسی نے بینات کو معما مین داخل نہین کیا ہے
ہان رسالے صرف ملا شرف الدین علی یزدی کی ہے ۔ جیسا کہ انہون نے حلل مطرزین لکھا ہے ۔ میرے
نزدیک تاریخ اور معما کو ایک کہنا عقل و علم کا خون کرنا ہے ۔ خوبی تاریخ یہی کہ دشوار گذار نہو ۔ اور خوبی
معما یہ ہے کہ دشوار گذار ہو ۔ آسانی سے سمجھ مین نہ آئے ۔ میر شمس الدین کہتے ہین ؎

تاریخ بقانون معما گفتم خورشید زران یافتہ با ماہ تمام

ماہ سے بقاعدہ ترادف شہر مراد ہے اور تمام (لکھتی) یعنی تیس ہوتا ہے ۔ اور زر اون کے عدد سترہ ہین
پس ان اعداد کو لفظ خورشید پر زیادہ کرین تو ایکہزار ایک سو کے ہوتے ۔ جو لوگ عقل رکھتے ہین وہ سمجھ سکتے
ہین اس تاریخ سے اور معما سے کیا نسبت ۔ صاحب ہفت قلزم کہتا ہے ۔ لغت عرب کی بنا اٹھائیس و ...

جفر

جمل

جمل کبیر

ارسطاطالیس

ہفت قلزم

اونکی تین قسمین ہین۔ قسم اول کو مسروری کہتے ہین وہ دو حرفی ہوتے ہین - وہ بارہ یہ ہین - با۔ تا۔ ثا -
حا خا را زا طا ظا فا۔ ہا یا۔ قسم دوم کو ملفوظی کہتے ہین وہ سہ حرفی ہوتے ہین - وہ تیرہ حروف
یہ ہین - الف - جیم - دال - ذال - سین - شین - صاد - ضاد - عین - غین - قاف - کاف - لام
قسم سوم کو مکتوبی کہتے ہین - وہ مکتوب مستوی ہوتے ہین اور انکا آخر پہلا حرف ہوتا ہے - وہ تین حرف
یہ ہین - میم - نون - واو - انہین ملفوظی بھی کہتے ہین - پ - چ - ژ - گ - یہ چار حرف مخصوص عجمیونکے ہین
لغت فارسی کی بنا چوبیس حروف پر ہے - ثا - حا - صاد - ضاد - طا - ظا - عین - قاف - یہ آٹھ حرف لغت مادری مین بہت
کمی کے ساتھ آئے ہین

واضح ہو کہ تاریخ کی بنا حروف مکتوبی پر ہے نہ ملفوظی جیسے مصطفیٰ و مرتضیٰ کہ ملفوظ الف ہے اور مکتوب یائے تحتانی پس عدد حرف مکتوب کے لیے جائینگے نہ ملفوظ کے اسیواسطے عدد یا کے محسوب ہونگے نہ الف کے نیز اس الف کو فارسی والے بہ رعایت صورت کے یائے معروف پڑھتے ہیں اور بحالت تخفیف واو سے بدلکر عیسوی و موسوی پڑھتے ہیں۔ اسیطرح حرف مشدد میں ایک حرف محسوب ہوگا جیسا کہ صاحب ہفت قلزم کہتا ہے مشدد میں تکرار حرف ہوتی ہے اسطرح کہ حرف اول ساکن دوسرا متحرک پڑھا جاتا ہے جیسے بائے موحدہ محبّت و تائے فوقانی تتبّع و ثائے مثلثہ مؤثّر و جیم تازی موجّہ و حائے مہملہ موحّد و خائے معجمہ مفخّم و دال مہملہ مکدّر و ذال معجمہ لذّت و رائے مہملہ خرّم و زائے معجمہ عزّت و سین مہملہ مؤسّس و شین معجمہ محشّی و صاد مہملہ حصّہ و ضاد معجمہ مرضّع و طائے مہملہ معطّر و ظائے معجمہ معظّم و عین مہملہ منعّم و غین معجمہ توغّل و فائے مصفّا و قاف توقّع و کاف مذکّر و لام مشلّل و میم ہمّت و نون مونّث و واو تفوّق و ہائے مطہّر و یائے تشیّع وغیرہ مؤلف اگر مورخ عبارت میں تمام الفاظ مشدد لائے یا بالتخصیص الفاظ مشدد کو مقید کرے اور مکرر عدد دے تو وہ صنعت ہے۔ مگر نظم و نسق الفاظ ناممکن جسطرح مورخ کسی موقع پر تمیز حکم کرے مگر خوبی و لطف ہاتھ سے نجانے۔ مینے بھی ایک تاریخ کہی ہے۔ افسوس کہ باولی کے ہم معنی مجھے کوئی لغت نہ ملا مجبوراً چاہ باولی لکھنا پڑا۔

تعمیر مسجدے جو امیر علی نمود	تاریخ سال جستم و فرمود زاہدے
ہجری است بامشدد حفظ علی لطابعہ	بر چاہ باولی شدہ تیار مسجدے

ف ۷ ۹ ۱۲ سنہ ہجری

خوبی فن یہ ہی کہ کلام دلچسپ ہو واقعہ کا مظہر ہو معماکیطرح نہو۔ شاہ غلام حسین کا جب انتقال ہوا محلہ نواب پورہ مرادآباد میں مزار بنایا گیا۔ ایک شخص نے (داغ جگر) تاریخ نکالی اور محمود خان کے انتقال کی تاریخ (داغ ذگر) نکالی خوبی یہ ہے کہ یہ دونون بزرگ ایک ہی مرشد سے بیعت تھے۔ اور ایک ہی احاطہ کے اندر ان دونون کی قبرین ہین۔ خیال رہے کہ تاریخ حشو سے پاک ہو نواب کلب علیخان والی رامپور کے کتب خانہ کی تاریخ۔ کتب خانہ علوم دینیہ نکالی معلوم ہو کہ لفظ دینیہ نے کتب خانہ کو خاص کر دیا جس سے یہ معلوم ہوتا ہے اس کتب خانہ مین صرف تفاسیر و احادیث وغیرہ ہین حالانکہ کتب خانہ مین صرف و نحو عروض و قوافی معانی بیان حقیقہ کہانی وغیرہ وغیرہ ہر طرح کی کتابین موجود ہین اسیطرح ایک شخص نے مرض بواسیر کے نسخون کی کتاب کی تاریخ (سیر امراض) نکالی۔ خیال کیجیے کہ کیسی بیہودہ تاریخ ہے۔ حالانکہ اس کتاب مین مرض بواسیر کے سوا کسی دوسرے مرض کا نام تک

شاہ غلام حسین

نواب کلب علیخان

سیر امراض

ہنین پہر کتاب کا نام نسر امراض کیونکر مناسب ہے ۔ اسیطرح ایک لکھنوی نے اپنے مکان کی تاریخ (غرفہ آباد) اور نواب آصف الدولہ حکمران لکھنؤ کی وفات کی تاریخ (غریب است) کہی ہے صورت و معنی مین غریب تاریخ کے ساتھ بے ربط ہی اسلئے کہ غریب کے ایک معنی مسافر کے اور دوسرے نادر کے ہین اور تاریخ مین نادر مراد ہے نان صرف بغیر اعداد کی دوسرے غرفہ کے معنی بالا خانہ و کنار بام کے ہین ۔ پارسی مین اسے بر دارہ کہتے ہین مکان کو غرفہ کہنا جلال لکھنوی کا ہی کام ہے ۔ افسوس کہ ان دونون تاریخون کو بھی کاتب اعمال نے حکیم غلام علی صاحب جلال لکھنوی کے ہی نامہ اعمال مین لکھا ہے عبدالغفور خان نساخ ؎

کہر کی اک دوست نے نکالی ہی — سیر کے واسطے سوے بازار

کیا نکالی ہے بے بدل تاریخ — لفظ "غرفہ" سے مینے آخر کار

۱۲۹۵

غرفہ بمعنی دریچہ اساتذہ نے بہی لکھا ہے ؎

بستم و شوخ بچو غرفہ نشین — سامری عشوہ در پلک دارد

پلک کے معنی فارسی مین علاوہ چشم کے ہین جسے ہندی ہین بوسہ کہتے ہین اسطرح یہ قصہ ہے کہ شیخ امام بخش ناسخ نے تاریخ سلطنت غازی الدین حیدر شاہ لکھنؤ کی کہی جو آگے مذکور ہوگی جب حکیم مہدی پہر عہدہ وزارت پر آئے ناسخ خوف سے کانپور اور کانپور سے الہ آباد چلے گئے اسی حالت مین دیوان مرتب ہوتا جاتا تھا یون ہی چھوڑ دیا اور نام تاریخی (دفتر پریشان) رکہا بعدہ ناسخ کے شاگردون نے بڑی کوشش و جانفشانی سے دیوان مرتب کیا اب نام خلاف ترتیب اور ترتیب خلاف نام ہو گیا ۔ تاریخ ولادت شہاب الدین محمد شاہجہان بادشاہ

شاہ روئے زمین و شاہجہان — لمعہ آفتاب عالمگیر

۱۰۰۰ھ

کلیم ہمدانی

بود ہمحمد کہ از پرتو خورشید عدم — سایۂ مرحمتی بر سر عالم آمد

نیر انہ فلک بادشہی کرد طلوع — شاہ شاہان جہان قبلۂ عالم آمد

میرے نواب کلب علیخان کے چہوٹے لڑکے کی تاریخ یون نکالی ہی = جمشید سید فریدون فر ۔

تاریخ منظوم

زبان تاریخ مین بہکی خوشی سے — کہا سید فریدون فر جمشید

۱۳۰۵

تاریخ ہمایون بادشاہ

ہمایون بادشاہ آن شاہ عادل — کہ فیض خاص او بر عام افتاد
بنائے دولتش چون یافت رفعت — اساس عمرش از انجام افتاد
چو خورشید جہان تاب از بلندی — بپایان در شار شام افتاد
جہان تاریک شد در چشم مردم — خلل در کار خاص و عام افتاد
قضا از بہر تاریخش رقم زد — ہمایون بادشاہ از بام افتاد
۹ ۶ ۲ ھ

تاریخ وفات شیر شاہ

شیر شاہے کہ از صلابت او — شیر و بز آب را بہم مے خورد
چون برفت از فنا بدار بقا — سال تاریخ او ز آتش مرد
۹ ۵ ۲

تاریخ وفات نور الدین جہانگیر بادشاہ

چو تاریخ وفاتش جست کشفی — خرد گفتا جہانگیر از جہان رفت
۱۰۳۷ ھ

تاریخ وفات شاہجہان بادشاہ

سال تاریخ فوت شاہجہان — رضی اللہ گفت اشرف خان
۱۰۷۶

تاریخ تولد نواب شجاع الدولہ

ولد نواب منصور خان

تولد شد پسر وقت منصور — بر آمد آفتاب از مشعل نور
۱۱۴۴ ھ

تاریخ وفات سعادت علیخان ع — آہ شد گنج سعادت در زمین
۱۲۲۹ ھ

تاریخ بنائے مقبرۂ مذکور سواری حضرت عباسؑ جو قتیل لکھنوی نے کہی ہے ع
این گنبد جدید بنائے سعادت است
۱۲۱۷ ھ

ہمایون بادشاہ
شیر شاہ
شجاع الدولہ

بنائے سعادت میں اشارہ ہے کہ یہ عمارت بزمانہ سعادت علیخان میں بنی تھی - جب شاہزادہ داور بخش حسون حکیم نے شاہزادہ شہریار کی آنکھیں نکال لیں - تب شاہزادہ نے یہ قطعہ پڑھا - قطعہ

نرگس گلاب ار چہ نتوان کشید — کشیدند از نرگس من گلاب

اگر از تو پرسند تاریخ من — بگو کور شد دیدۂ آفتاب

۱۰۳۷

ابراہیم خان فتح جنگ نے ۱۰۰ھ میں مسجد بنوائی (بنائے کعبہ ثانی نہاد ابراہیم) ایک شخص نے تاریخ کہی - دیوان بہادر سنگھ کے بیٹوں کی مکتب نشینی کی تاریخ امیر الدین بریلوی نے خوب کہی ہے

اتفق عجب گفت لبشرہٰ — رب یسر و لا تعسر

۱۲ھ ۴۴

مؤلف

خواند بسم اللہ چو ابرار حسین — سرو قد خاست دل بسم اللہ

کرد تسلیم تاریخ رقم — شادی ہستش بسم اللہ

۱۲ھ ۹۳

جب نادر شاہ نے دہلی پر فتح پائی مورخ نے - دہلی خراب شدہ ۱۱۵۱ھ نواب کلب علیخان کے عہد ریاست رامپور میں فتور عظیم پیدا ہوا مورخ نے - انقلاب ریاست رامپور ۱۲۹۶ھ کہا میرزا محمد علی خلیل اصفہانی ملازم سرکار رامپور کے دو لڑکوں کی تاریخ بصنعت فارسی لکھی ہے ۱۲ھ

شہر آخرین در کاخ شد ا — لب چون مہر و مہ دو پور پیدا

یکے قبل از رحیل شاہ خاور — دوم بعد از طلوع ماہ انور

دو تا نام گرامی گفت تسلیم — بہ یک رشتہ دو گوہر سفت تسلیم

یکے را میرزا فضل علی دان — دوم را میرزا افضل علی خوان

۱۲۷۹ — ۱۲۷۹

شاہ اکبر نے انگوٹھی بنی - شاعر نے عبارت سے تاریخ کو اشارہ کیا - شاعر نے (نگین تری) کہا اکبر نے دوسری انگوٹھی بنی شاعر نے (دو انگشتری) کہا - دیکھو کہ دوسرا مادہ تاریخ پہلے مادہ تاریخ سے پیدا ہوا حرف یا کہ وہ عدد میں لفظ دو سے جو یا کے مساوی الاعداد ہے بدلیا تاریخ گوئی کا یہی کمال ہے کہ مادۂ تاریخ بے تکلف ہو - جس سے پاک اور بدیہہ گوئی مزید بر آن میں ریاست رامپور میں ایک روز سید منصور علی سید تخلص کے ہاں بیٹھا تھا کسی دوست نے

توت پہنچے تبدیلے (بے یہ شہتوت گلابی میوہ) کہا۔ شہتوت گلابی میوہ توت فروشوں کی
۱۲ ھ ۶۵
صدا ہے۔ مولف سے

گنارم صبحگہ در کوچہ افتاد ٭ بنوحہ خالو خالو گفت یک زن

شنیدم قول و اعدادش شمردم ٭ عیان از لفظ شد تاریخ شیون

۶۳ + ۷۲

۱۲ ھ ۷۴

والد مرحوم منشی احتشام الدین اگرچہ شاعر نہ تھے مگر سخن فہم تھے مرادآباد سے وطن کو تشریف لا رہے تھے میں ہمراہ تھا۔ ہلال شوال دیکھکر فرمایا جہانگیر بادشاہ نے ہلال شوال دیکھکر یہ مصرع کہا تھا۔ ع ہلال عید چو بر آسمان ہویدا شد ٭ دوسرا مصرع نور جہان نے کہا ع کلید میکدہ گم گشتہ بود پیدا شد ٭ بعض لوگ اس مصرع کو کلیم ہمدانی کیطرف منسوب کرتے ہیں۔ ابھی ابھی چند قدم نہ گئے تھے کہ مینے عرض کیا سے

بحکم حضرت شاہ شد خیال سال گل ٭ ہلال عید چو بر آسمان ہویدا شد

بخواند مصرعہ بیگم مورخ طبعم ٭ کلید میکدہ گم گشتہ بود پیدا شد

۱۲ ھ ۶۱

میں زلیخائے جامی پڑھتا تھا اور میرے سبق کا آخری شعر یہ تھا۔ وداع کلبۂ تنگ جہان کرد ٭ وطن بر اوج کاخ آسمان کرد ٭ اتفاق سے اوسی روز مرادآباد میں مولوی محبوب علی کے انتقال میں مجمع عوام و خواص کا تھا تاریخ کا ذکر ہوا۔ مینے فی الفور یہ تاریخ پڑھی سے

فقیہ عصر محبوب علی نام ٭ وداعِ کلبۂ تنگ جہان کرد

رقم تسلیم زد از کلک جامی ٭ وطن بر کاخ اوج لامکان کرد

۱۲ ھ ۶۴

منشی غلام حسین وکیل عدالت مرادآباد نے ریختہ خانہ بنوایا مینے تاریخ پڑھی سے کہ تاریخ ریختہ خانہ ریختہ ہے ۱۲۶۷ھ — تاریخ طبع دیوان راجہ کشن کمار صاحب وقار تخلص رئیس سہسپور بلاری سے

بحمد فضل خدا شد طبع دیوان وقار آن ٭ کہ یک مصدر وقار گشت اے تسلیم در عالم

ز جا بر بود طبعم را خیال سال طبع او ٭ بگوشم گفت ہاتف کن رقم دیوان تسنیم

۱۲ ھ ۹۱

معلوم ہوا کہ تاریخ کی چار قسمیں ہیں۔ نوع اول صوری۔ نوع دوم معنوی۔ نوع سوم صوری و معنوی۔

تاریخ صوری

نوع چہارم تعمیہ - نوع اول صوری مطلق یہ ہی کہ اعداد مظہر تاریخ ہون - صنعت اوسکی یہہ ہے کہ الفاظ سے
نہ معلوم ہون یہ قسم بہت آسان اور لطافت شاعری و نزاکت معنوی سے عاری ہی - سعدی سے

و آن مدت کہ ما را وقت خوش بود ٭ ز ہجرت شش صد و پنجاہ و شش بود

مولانا روم سے سید برہان تاریخ این سودا و سود ٭ سال ہجرت شش صد و شصت و دو بود ٭ مثنوی کو صیقل
ارواح بود ٭ باز گشتنش روز استفتاح بود ٭ رباعی

سلطان تیمور کہ مثل او شاہ نبود ٭ در ہفت صد و سی و نہ آمد بہ وجود

۷۳۹

در ہشت صد و ہفت کرد عالم بدرود ٭ در ہفت صد و ہفتاد و یکے کرد خروج

۸۰۷

نوع دوم معنوی

معنوی

وہ یہ کہ استخراج سے اعداد حاصل ہون یعنی حروف تاریخ مظہر مضمر و سطور [?] ہون اسکی تین قسمین ہین قسم اول وہ
ہے کہ ذات حرف سے عدد لین - جیسے الف کا ایک با کے دو جیم کے تین - دال کے چار اس قسم کا نام زبر ہے
سے سال ترمیل [?] مولوی مسلم کال و ضیا [?] گاہ ٭ تاریخ وفات ابی طالب کلیم ہمدانی از غنی کاشمیری ع
گفت تاریخ وفاتش آن غنی ٭ طور معنی بود روشن از کلیم
تاریخ وفات بابر بادشاہ سے جا کے فردوس ابد گزید بابر بادشاہ ٭ تاریخ وفات اکبر بادشاہ از آصف خان
جعفر سے فوت اکبر خدا از قضائے اللہ ٭ گشت تاریخ فوت اکبر شاہ ٭ تاریخ تولد شہاب الدین
محمد شاہجہان بادشاہ سے خرد تاریخ سال مولدش را ٭ رقم زد ظل جاوید الٰہی ٭ تاریخ جلوس عالمگیر
بادشاہ خیر الملوک - قسم دوم وہ ہے کہ ذات حروف سے اسم ذات بنا لین - اور اونکے اعداد سے
تاریخ نکالین جیسے (د) دال - صورت پہلی بالتلفظ ہے - دوسری کتابت ملفوظ [?] - پہلی صورت مین
دال کے چار عدد لئے جاتے ہیں - اور دوسری مین بینبیس [?] - اس قسم کو مکتوبی و بینہ کہتے ہین - مولوی [?]
کہتے ہین کہ بینات بفتح بائے موحدہ و تشدید تحتانی مکسور اس کے معنی روشن کرنے والیون اور بھی
گواہ ہونے کے ہین - بینات جمع ہے بینہ کی اور بینات حساب ابجد کی ایک قسم ہے وہ یہ کہ اسم کو باعتبار
تلفظ کے لین یعنی دو حرفی کے جب دو حرف لئے تو حرف اول کو جسکے کہنے میں چھوڑ دیا حرف ثانی کو کہ
الف ہے ایک عدد لین - اور سہ حرفی مین حرف اول کو چھوڑ دیا اور دو حروف باقیماندہ کو قائم رکھین
اور اونکے عدد لین حروف دو حرفی با - تا - ثا - حا - خا - را - زا - طا - ظا - فا - ہا - یا -
حروف سہ حرفی الف - جیم - دال - ذال - سین - شین - صاد - ضاد - عین - غین - قاف - کاف - لام

قسم دوم

قسم سوم

میم - نون - واو - حروف دوحرفی کو مسروری اور حروف سہ حرفی کو ملفوظی و مکتوبی کہتے ہین -
ایک اور حساب ہی - جسکا نام ملفوظی ہے وہ آئندہ ذکر ہوگا - میم - نون - واو - مقلوب مستوی ہین -
اور مکتوبی بھی - تنبیہ جب کاف مکسور کے عدد زبر مین چھبیس قرار پایے تو حسب قاعدہ لازم ہوا کہ بینات
مین بیاسی عدد لئے جاتین جیسے (کاف - یا) میرے نزدیک یہ حرف محتاج سند نہین بحکم قانون تحریر
(سند) بعض لوگ حروف مسروری کو یا کے ساتھ لکھتے ہین اور تاویل امالہ کرتے ہین اور زبان فارسی مین
عدد بینہ کے لیتے ہین - یہ رکاکت سے خالی نہین - غنی شاگرد شیخ امام بخش ناسخ نے دیوان ناسخ کی
تاریخ زبر و بینات مین (دیوان ناسخ) نکالی ہے - تشریح قاعدہ استخراج مین اجتہاد کیا ہے
مجموعہ اعداد حروف زبر کا سات سو اسی قایم کیا ہے - د ی و ا ن ن ا س خ
٦٠٠ ٦٠ ١ ٥٠ ٥٠ ١ ٦ ١٠ ٤
مجموعہ اعداد حروف بینات کا چار سو پچاس = د ی و ا ن ن ا س خ
کل (١٢٣٠) الف کو واو یا یا کے ساتھ بدلنا خاص ہندیون کے لیے ہے فارسی مین نہین ہے
چنانچہ ہمنے الف جائے سلیقہ کو اردو غزل کے ایک شعر مین بدلا ہے ۔

جسم و بینی کی تری یار نئی بہتی ہے ۔ سیدھی الٹی یہ لکھی طوطے اک استاد کی ہے

البتہ مکتوبی و ملفوظی - ہندی یہ دس حرف مین بے تے ثے - حے - خے - رے - زے
فے - ہے - یے - اسیر لکھنوی نے مد مقابل بنکر کہا ہے اسی قید کے ساتھ شیخ کی ایک غزل ہے
گو بعد اعتراض و جواب کے اسیر ساکت ہوگئے - مگر یہ غلطی انکی ہے شیخ صنعت جدید کا موجد ہو حرف
استعمال زبان یعنی حرکت حروف موافق ہندیون کے ہی اعداد حروف فرداً فرداً لئے جاتے یعنی بغیر
شمول یاے تحتانی اختراع شیخ ۔

چون صنوبر دی رحمت چون م و ہ ۔ زلف داری ہمچو عنبر لب چون د ک ر

حروف تہجی کی دو قسمین ہین ایک ملفوظی اوسکو اسمی کہتے ہین - دوسری مکتوبی اوسکو مسمائی کہتے ہین -
حاشیہ تکملہ مین لکھا ہے - شرح سما مین جب لفظ ملفوظی اور اسمی لکھتے ہین تو مراد اسمی ہے جیسے
ب - ک - ل - اور جسجگہ مکتوبی و مسمائی لکھین تو مراد اسم ہوگا جیسے با - کاف - لام - قسم سوم
وہ کہ جامع صفات قسم اول و دوم کا ہو - عنایت حسین بلگرامی نے غسل صحت فرمانروائی لکھنو یا
تہنیت غسل بادشاہ دہلی کی تاریخ کہی ہے - سچ یہ ہے اگر معجزہ و کرامات نہ کہین تو سحر کہنے مین شک
نہین - تاریخ ۔ خدیو دادگر سلطان عالم نخل مسیحائی ۞ جو از فضل الہی یافت اکنون صحت کامل
سنش در قطعہ فی نقط اندر مصرع آخر ۞ بجوان در بینات و در زبر بے بیش و کم ایدل ۞

یکے در بینات آمد دگر سنہ درز بر بیبا ؛ بطرز سہل آوردم بہ نظم این صنعت مشکل ؛ کسے
گزین نمط شعرے تواند گفت بسم اللہ ؛ بشاگردئی او خط مید ہم اے خسرو عادل ؛ سحرگاہم
دعا الحمد للہ کار گر آمد ؛ کہ آمد سرور اسلام را آرام دل حاصل ؛ معاً در مصرعہ موج ملک اعداد سال آمد
سر و سر دار و ہر اہل کمال و مالک عادل ؛ کہتے ہین جب مرغ مضمون بازوے شہرت
سنہ ۱۲۶۹ ابینات ۔ زبر ۱۲۶۹
لے اوڑا اور کویکو خانہ بخانہ پہونچا ایک ضیا دنے دام فکر بچہایا اور طائر معنی کو اسطرح صید کیا ؎

دادرس سردار مالک عالم راز ملک ۔۔۔ دادرس سردار کامل مالک رازِ علوم

افسوس کہ وہ بات نصیب نہوئی ۔ تاریخ مین ایک حرف منقوط آگیا ۔ بعض لوگ اس تاریخ کو بھی غیاث حسین
کیطرف منسوب کرتے ہین ۔ بہرحال پہلی تاریخ ماخذ ہے اور دوسری ماخوذ ۔ علاوہ ازین کسی قدر تغیر و تاخیر کے
ساتھ وہی تاریخ ہے ۔ حساب لفظی وہ ہے کہ اعداد حروف الفاظ مین لکھین اور ان حروف کے اعداد لین
جب میری عمر بندرہ سال کی تھی ان دنون بدرچاچ پڑھتا تھا ۔ اوسوقت یہ قاعدہ میری نظر سے گزرا مینے اس
قاعدہ مین تاریخ کہی جو آگے اختراع مولف مین آئیگی ۔ نوع سیوم صوری و معنوی ۔ وہ یہ ہے کہ الفاظ سے
بھی تاریخ پیدا ہو ۔ یہ قسم بہت اچھی ہے اس کو صنع الصنع بھی کہتے ہین ۔ میرے نزدیک صنع الصنع مین
تاریخ کہنا ہر شخص کا کام نہین ۔ فیضی فیاضی سے فدوہ نظم غزالی کہ سخن ؛ ہمہ از طبع خداداد او نوشت ؛
عقل تاریخ وفاتش بدو طور ؛ سنہ نہصد و ہشتاد و نُہ نوشت ۔ مولانا ساسامی تاریخ ولادت ظہیر الدین
۹۸۰ ۹ (numerals over: ۹ ۸ ۰)
بابر بادشاہ ؎

جون درسنہ مہ محرّم زاد آن شہ بکرّم ۔۔۔ تاریخ مولدش ہم آمد شش محرّم
۸۸۸

تاریخ فتح دہلی جو بابر بادشاہ کو ہوئی ؎

گشت در بانی پت ابراہیم شاہ ۔۔۔ شاہ غازی بابر عالی نسب
وقت و روز و سال و تاریخ ظفر ۔۔۔ صبح بود و جمعہ و ہشت رجب

تاریخ ولادت جلال الدین اکبر بادشاہ ؎

للہ الحمد کہ آمد بوجود ۔۔۔ آنکہ از کون و مکان منتخب است
بادشاہے کہ ز شاہان جہان ۔۔۔ اکبرش نام و جلال الشہ لقب است

ضیاء

غیاث حسین

صوری و معنوی
صنع الصنع

فتح دہلی

ع ؎ یہ بیت آنتخاب سے لکہا ہے مورخ نے بجائے روشن لفظ نمط اور بجائے حضرت خاقان اے
خسرو عادل لکہدیا ہے چنانچہ یہ قطعہ تاریخ قاطع سب سہنت قلزم مین موجود ہے ۔ مولا صاحب سہسوانی ۔

سال و روز و مہ سال میلاد | شب یکشنبہ و پنج رجب است

خواجہ حسین انصاری نے تاریخ گنبد خواجہ عبید اللہ احرار جسے عبد العزیز خان نے بنایا تھا کہی ہے

خسرو عالی گہر عبد العزیز | ساختہ این عالی بنا از ریب و سنگ

ہست نہ طاق فلک در جنب او | پست چو گوے زمین زیر فلک

معنوی لفظی بود تاریخ آن | سال ہجری نہ صد و پنجاہ و یک

تاریخ از امام بخش ناسخ سے طبع تاریخ سال تاریخ وفات ٭ گفت بست و ہفتم ماہ رجب ٭ دیگر پنجم ذی الحجہ اے ٭ ایضاً از ناسخ حیف روز اول ذلقعدہ بود ٭ تاریخ وفات حسن علی بیگ از سید محمد خان رند تخلص شاگرد خواجہ آتش سے

آہ عمنام حسن آن عاشق نام علی | چون تاریخ نہم ماہ محرم جان سپرد

سال تاریخ وفاتش را جبیتم از خرد | یکہزار و دو صد و پنجاہ و سہ ہجری شمرد

تسلیم سہسوانی سے

رفت چون احسن ازین دار فنا | در غمم اوگشت عقل و ہوش گم

سال فوتش را لصنع خوان | بود از ماہ ششم بست و نہم

میر حمزہ تاشکندی نے کسی شخص کے وفات کی تاریخ کہی ہے جسکی بنا سہ بر ہے جب نو کے عدد سہ کو تین بار کہیں تو نو سو ننانوے ہوتے ہین وہ مصرعہ حساب جمل سے یون ہوتا ہے ٭ نہ را بر قسم سہ بار ہنولیس ٭ کسی شاعر نے تاریخ وفات امیر علی شیر کہی ہے سے

اوبوت و ش و جیم	پنج حرفے بگفت دشد تسلیم

بوستان خیال کی دوسری جلد کے خاتمہ کی تاریخ محمد یوسف علی خان عزیز شاگرد غالب نے کہی ہے سے

٭ دبیر فلک رتبہ خواجہ امان | عطارد کو جسنے ہین انحراف ٭

گرا یا طلب گار کرین بزم مین | نہ زہرہ بھی مرضی کے ہو برخلاف

رقم قصۂ بوستان خیال | کیا فارسی سے بہ اردوی صاف

نئے طور پر بندہ لکہتا ہے سال | خطا ہو تو فرط عطا سے معاف

لکہو سہل یوسف علیخان عزیز | دو بادو دو میم و دو تا و دو قاف

۲۰۰ ۱۰۰۰ ۸۰ ۴

میرے نزدیک یہ دونون تاریخین بھی لطف سے خالی ہتین - مین نے بھی اسی صنعت تاریخ مین

خواجہ حسین | ناسخ | تسلیم | بوستان خیال

غزل کہی ہے وہ یہ ہی

غزل

سن چہ گویم خوبی بالا ولطف ل و با — ہست آن نشگر داین آت سن وک ور

دیدہ ام دیر جہان صد بار ای کافر سرشت — جون توی سنگین طبیعت نیست دیگر ب و ت

ای نباہ زندگیم وصل تو مرہم زند — ہمچو شانہ در جگر افگندہ ہجران ز و غ

یار جون مژگان اگر برگشت ازمن شکوہ نیست — طالع دارم کہ ہست اوک و ج و ج و ب

باشد آن روزی کہ من گیرم مکرر امتحان — بوسہ چشم تو و ادر کیف جام م ر و ی

روخ تو اگر دیدی زلیخا یک نظر — جون زنان طاعن مصری بریدی ک د و ف

کوکب ای آفاتش ہم جنبش مشتری — کہکشان محسود فرق ورنگ روچ م ر ہ

سع این تصنیف دیدم در کتاب معتبر — حل از صل علی واز رحمۃ اللہ ر م ح

ہست این یک انقلاب از انقلابات جہان — گر نباشد روز و روز حاصل نگردد روز

جون بطرز شیخ ای تسلیم گفتم این غزل

گیرس از ج و دو س وق و ت و ث

ح د ش ق ت ث

۳ ۴ ۳۰۰ ۱۰۰ ۸۰ ۵۰۰

(۱۳۰۷) ھ

نوع چہارم تعمیہ تعمیہ کے معنی لغت مین سنوارنے و چھپانے کے ہین اور کسی ایسی چیز کو بنانا جو قدرے اکثر کہی ہوئے معما کہنے کے معنی ہین معنی اول و ثانی سے مجاز ہے بیان حروف تمیدا س حتل کو انتقاد کہتے ہین اور یہ اعمال علم معما سے ایک عمل ہے اور وہ اشارہ ہے بعض حروف الفاظ سے کہ اوس کے مناسب ہون یعنی جب کسی حرف یا لفظ سے تعمیہ کرین تو اوس سے اشارہ کرینگے اگر تعمیہ کلمہ مقصود کے حرف اول سے ہے تو سر - رخ لب - تاج - اول - ابتدا - بالا - زبر وغیرہ سے اشارہ کرینگے اور حرف وسط کو میان - قلب - دل - جگر - روح - جان - سینہ - کمر - ناف - وغیرہ سے - مگر حرف طاق مین اور حرف اخیر کو پا - دامن - انتہا زیرین - آخر - غایت - نہایت وغیرہ سے جیسے ایک شاعر شمس الدین کے نام کہتے اس مصرعہ مین الفاظ لایا ہے - مصرع اول شام درمیان چمن و دامن نرگس ۔ اول شام سمجہ میان چمن ہم ودامن نرگس سین مہملہ ہے - میرے نزدیک بیچ حرفی الفاظ مین دوسرے حرف کو دوش - گلو - کتف وغیرہ اور حرف چہارم کو ران - زانو - ساق - وغیرہ کہین تو بہت اچہا ہے - مثال لفظ تفضیحی ف ت - بہر

حس گلو یی کمر ۔ تخ زانو یی پا اسطح اور الفاظ بخ حرفی مثل خفقان وغیرہ مین تعمیہ کی

تعمیہ داخلی تعمیہ خارجی

تین قسمین ہین ایک داخلی دوسری خارجی تیسری داخلی بہی اور خارجی بہی یہ تیسری قسم پہلی دونون قسمون سے سخت مگر قدرے دشوار ہے۔ تعمیہ داخلی وہ ہے کہ اگر اعداد مطلوبہ مین کمی آئے تو کسی حرف یا لفظ مناسب مقام کے اعداد دیکر اعداد مطلوبہ پورے کرین ۔ تعمیہ خارجی تعمیہ داخلی کا عکس ہے بعض لوگ کہتے ہین جو کچھ ہو دسیر زیادہ کرین اور اول کو تعمیہ داخلی اور دوسرے کو تخرجہ خارجی کہتے ہین ۔ بعض صرف تعمیہ داخلی و تعمیہ خارجی کہتے ہین بعض تعمیہ یا تدخلہ و تعمیہ یا تخرجہ بعض لوگ کہتے ہین کہ سخنوران واکابران فن نے ان دونون مین نوتک کی زیادتی باکراہ جائز رکھی ہے بعض اسطرف ہین کہ عند الضرورت تاریخ فوتی وغیرہ مین ایک عدد کی زیادتی جائز ہے ۔ صاحب گلشن خیال لکھتے ہین بعض واقعات جنکا وقوع ساعت دپاس وروز مین ہو مثل تولد و فوت و فتوحات و جلوس وغیرہ ان مین کمی و زیادتی جائز نہین مگر وہ واقعات جن کا وقوع دن اور مہینہ مین کامل سے ہو یا روز اول ماہ اول سال مین مگر وہ حوادث جنکے حدوث کو مدت لازم ہو مثل بنائی

تعمیہ

عمارت و تالیفات وغیرہ ان مین ایک سال کی کمی زیادتی جائز ہے زیادہ نہین انتہی ۔ تعمیہ عالم لغت مین اسکے معنی کمی مادہ تاریخ کو کسی حرف یا لفظ یا فقرہ کی زیادتی سے چہپانے یا زیادتی کو کرنے کے ہین الفاظ مناسب اور اچھے طریقہ سے اور حروف تعمیہ و تخرجہ بہی مناسب مقام

تعمیہ و تخرجہ

ہون جیسے تہنیت کے لئے سرور و بہجت و انبساط و نشاط وغیرہ غم کے لئے سرد درد و بکا واہ و نالہ وغیرہ بالعموم لوگ اول کو تعمیہ و ثانی کو تخرجہ کہتے ہین ۔ میرے نزدیک تعمیہ و تخرجہ موجع کے عاجز ہونے کی دلیل ہے ۔ جاننا چاہئے کہ تدخلہ کے لئے لفظ با واو موضوع ہے ۔ اور تخرجہ کے لئے لفظ بے ۔ بآہ بکبر وغیرہ بس بجگہ لفظ بے و بغیر آئیگا معنی نفی کے ہونگے ۔

تنبیہ

اور خصوصاً تاریخ مین تخرجہ کے لئے بے آتا ہے ۔ اسمعیل حسین منیر نے کہ شاعر قابل فہم اور اونکی شاعری واجب التسلیم تھی وفات میرزا سلامت علی دبیر کی تاریخ مین سخت غلطی

وفات دبیر

کی ہے ۔ اور اب ہمنے اوپر بہت بڑا اعتراض لیا ہے وہ یہ ہے ۔ تاریخ وفات دبیر طبعزاد منیر سے

آوخ آوخ کاسمان بنشاند علم و فضل را | در عزائے آفتاب کشور دانش دبیر
آنکہ حاضر در افادہ نگاہ طبعش روز و شب | بود ہمچو طفل ابجد خوان دبیر چرخ پیر
رفت در خلد برین و بے بہار طبع او | شد گلستان معانی زرد مانند زریر
الحق او علاق مضمون بود چون او دیگری | آسمان ہرگز نخواہد دید در دوران نظیر

بی قدوسش بزم ماتم بے گناہش مرثیہ	گو بیا مصر است بے یوسف فلک بے ماہ و تیر
گفت تاریخ وفاتش را تہبر اشکبار	عقل بے دل سدرہ بی جبریل و منبر بی دبیر

۹۲

افسوس کہ جواہر الفاظ نے شاہد تاریخ کے چہرہ پر نقاب ڈالدی اسلیئے کہ لفظ بے منفی ہے جیسا کہ اس قطعہ مین تاریخ جگہ آیا ہے لہذا دل و جبریل و دبیر

عقل	۲۰۰	بے دل	۳۴	حاصل مفروق	۱۶۶
سدره	۲۶۹	جبریل	۲۴۵	"	۲۴
منبر	۲۹۲	دبیر	۲۱۶	"	۷۶
	۷۶۱		۴۹۵		۱۶۶

باقی

۱۰۶۶

مصرعہ سے خارج ہین اور اگر بجاے وفاتش را کے وفات او ہوتا تو مصرعہ اولے حشو سے پاک ہو جاتا۔

تعمیہ داخلی ۔ جب آصف الدولہ والی لکھنو نے حافظ رحمت خان پر فتح پائی شاعر نے تاریخ نکالی

چو شد نواب بر اعدا ظفر یاب	ملایک مژده در عالم دمیدند
ہم از لفظ ظفر جستند تاریخ	بے باقی سر حافظ بریدند

اس تعمیہ مین واقعہ کی جانب اشارہ ہی اور علاوہ معنی ظاہری کے لفظ حافظ ایک اور لطف دے رہا ہے اسلئے باعث جنگ بقیہ زر معاہدہ تھا۔

تعمیہ خارجی تاریخ وفات حضرت رسالت پناہ صلعم

جون جناب نبی بحکم اللہ	شد ز دار فنا بدار بقا
عمر آن شاہ قبلہ آمال	ابن عباس گفت شصت و سہ سال
روز مولود نقل آن محمود	گفت شاہ نجف دوشنبہ بود
لیک تاریخ آن شفیع امم	از ربیع نخست تا بدہم
سال نقلش خرد بہ تعمیہ خواند	از محمد زمانہ خالی ماند

۹۲ ۹۲ ۱۰۲

اہل سنت والجماعت مین بارہ مشہور ہی۔ شاید مورخ کو دہوکہ ہوا ہے۔ عبد الغفور خان نساخ

تعمیہ داخلی

اہل سنت والجماعت

سید کونین فخر انبیا — قبلهٔ روح روان دو جهان
احمد مرسل محمد مصطفی — مقتدائے مردم کرو بیان
گشت چون حق طالب دیدار او — کرد خود عزم وصال حق بجان
همچو جان پاک از پیش نظر — شد بنور رحمت یزدان نهان
گفتم اے نساخ سال نقل او — دل ز آه رفت روح از قدسیان
۳۴ ۵ ۲۱۴ ۲۲۵

تاریخ وفات سیده خاتون جنت حضرت فاطمه علیها التحیه والصلوة ع

وفات

فاطمه آنکه سید مدنی — برگزیدش به بضعة منی
اوست زهرائے بلغ فلد برین — اوست خیر النسا بصدق و یقین
شب آدینه یا دوشنبه بود — که ز دنیا بخلد نقل نمود
بعد شش ماه سید کونین — نقل کرد آن عفیفهٔ دارین
سال نقلش به تعمیه برخوان — ماند دنیا به ماتمش بے جان
۵۴ ۱۱

شاعر

شاعر رفتم بباغ فکر دیدم هر چمن — از بهر چیدن گل تاریخ پنجتن
هر غنچه را گشودم و جستم بهر گلے — ناگه صدائے بلبلے آمد بگوش من
داری بطبع خویش اگر آرزوی سال — تاریخ فوت شان بجو الا ز یاسمن
اول دو حرف بهر محمد و فاطمه — باقی سه حرف بهر حسین و علی حسن
یاسمن — محمد ۱۱ — فاطمه ۱۱ — حسین ۶۱ — علی ۴۰ — حسن ۵۰

حضرت امام حسن علیه السلام

تاریخ وفات حضرت امام حسن علیه السلام ع
حسن آن بادشاه کون و مکان — کنیت او ابو محمد دان
بود تاریخ هفتم ای مسعود — که سفر در مه صفر فرمود
صبح یوم الخمیس نقل نمود — زین جهان سوئے حضرت معبود
هاتفم گفت سال نقل امام — حیف آفاق ماند بے اسلام
۱۴۲ ۵۰ ۱۳۲

تاریخ وفات حضرت امام حسین علیه السلام ع
بود آن شاه سرور کونین — بے گمان آمده امام حسین

سال نقلش بگفت غمگینی — سر دین را برید سید بی

تاریخ وفات حضرت علی کرم اللہ وجہہ - از عبد الغفور رقان - نسّاخ سے

برید ابن ملجم چو فرق ولی — عیان گشت تاریخ فوت علی

دانو ولی علیحدہ کرنے سے لام و یا کے چالیس عدد باقی رہے دوم عین علی علیحدہ کرنے سے بھی چالیس باقی رہے - یہ گیارہ مادہ سعت قلزم سے لکھے گئے

از علی گرد جلی تاریخ فوت او بیا — لام از غیش نما کم یا فزا الاش بیا

دیگر ائمہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تاریخیں ایک مورخ نے لفظ علی سے نکالی ہیں - اسلئے بلا لحاظ داخلی و خارجی لکھتا ہوں - تاریخ وفات حضرت امام حسن علیہ السلام سے

از محیطش مرکزش را کم نما ہر حسن — یا کہ ربعی از محیطش برہان مرکز فزا

محیط لفظ علی کا عین دیا ہے - اور مرکز لام ہے جبکہ اسّی میں سے تیس کم کریں پچاس باقی رہے یا اسّی کا جو تہائی حصہ مرکز علی پر زیادہ کریں پچاس ہوئے - تاریخ وفات حضرت امام حسین علیہ السلام سے

از محیط مشرقی طا کم نما بہر حسین — یا بتاریخ حسن عشر از علی زائد نما

محیط مشرقی عین ہی - جب اس ہی دس عدد طا کے کم کریں تو ساٹھ رہے یا تاریخ حسن پر کہ پچاس ہیں دس زائد کریں تو بھی ساٹھ ہوتے - دیگر از مضطر فرخ آبادی سے

چون امام سوم شد بسمل — گفت مضطر شد نبی بیدل

لا اعلم سے من چہ گویم کربلا را و افات — آہ بیرون آمدہ از اسم ذات

اور جب عدد آہ کے اللہ سے کم کیے تو ساٹھ رہے - تاریخ وفات امام زین العابدین علیہ السلام

لام را تنصیف ساز و کم کن از لفظ علی — بہر زین العابدین آن قدوہ آل عبا

نصف عدد لام کے یعنی پندرہ اعداد علی میں سے کہ ایک سو دس ہیں کم کیے پچانوے باقی رہے -

تاریخ وفات حضرت امام باقر علیہ السلام سے

عشر تاریخ علی چون با علی گردد عدیل — بر ہمہ عالم شود تاریخ باقر ظاہرا

جب دسواں حصہ اعداد علی کا جو کہ چار ہے اعداد لفظ علی پر کہ ایکسو دس ہیں برابر ہوں تو ایکسو چودہ ہوے

ع الف ممدودہ کے دو عدد شمار کیے گئے ہیں ۱۲ ساحر سہو اتی

حضرت علی کرم اللہ وجہہ

دیکھو

حضرت امام حسین علیہ السلام

دیکھو

امام باقر

تاریخ وفات حضرت امام جعفر علیہ السلام سے

گر علی و آل اورا در شمار آوری ٭ سال فوت جعفر صادق ہویدا از سما

علی اور آل کے اعداد ایک سو اکتالیس ہیں۔ تاریخ وفات حضرت موسیٰ کاظم علیہ السلام سے

حضرت موسیٰ کاظم ہست اسباط علی ٭ ہست اسباط علی تاریخ آن کان حیا

عدد اسباط علی کے ایک سو اکیاسی ہیں۔ تاریخ وفات حضرت موسیٰ رضا علیہ السلام سے

بر علی و بر محمد چون بیفزائی عدد ٭ میشود تاریخ سلطان علی موسیٰ رضا

اعداد علی کے ایک سو دس محمد کے بانوے اب ایک عدد زیادہ کیا دو سو تین ہوئے۔ تاریخ وفات حضرت محمد تقی علیہ السلام سے

چون از علی بود و علی بوده از و ٭ میشود ہر دو علی تاریخ آن کان سخا

دو علی کے اعداد دو سو بیس ہوئے۔ تاریخ وفات حضرت نقی علیہ السلام سے

چون علی بن محمد ہست تاریخ نقی ٭ ہم علی بن محمد گشت نازل از سما

علی بن محمد کے اعداد دو سو چون ہیں۔ تاریخ وفات حضرت امام عسکری علیہ السلام سے

عمدہ آل علی تاریخ خاص عسکری ست ٭ زانکہ خاص و امام ما او بود رہبر بہ ما

عمدہ آل کے عدد دو سو ساٹھ ہیں۔ تاریخ وفات احمد خان بنگش سے

کند گریہ خلائق بنالہ و افغان ٭ ملائک آہ کشید از وفات احمد خان

وفات احمد خان کے عدد گیارہ سو اکیانوے ہیں۔ جب عدد آہ کے خارج کئے گیارہ سو بچاسی رہے

شاعر سے تاریخ وی از بلبل ماتم زدہ جستم ٭ در گریہ شد و گفت گل از باغ برون شد

۱۰۳

نو سو تریپن باقی رہے

تاریخ ولادت نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ از خواجہ جلال سے

سال تاریخ ہمایونش نوشت ٭ زادک اللہ تعالیٰ قدرا

من برم یک الفش از تاریخ ٭ تا کشم میل بچشم بد را

۹۱۴

نو سو تیرہ باقی رہی۔ تاریخ فوت اکبر بادشاہ از حیدر معمائی سے

الف کشید ملائک ز فوت اکبر شاہ ٭ ۔ اکبر ہزار چودہ باقی رہے۔ شاعر سے در تاریخ غربت بخشندہ خان

۱۰۱۵

ع الف ممدودہ کے دو عدد محسوب ہیں۔ ۱۲ اساحر سہسوانی

گفتہ ؎

نقطِ تاریخ از میان نام عبرت خان برآر — باقی آن را بگیر دسال فوتش برشمار

ایوب خان گلشن ۱۲ رامپوری تاریخ وفات امتیاز محل بانوی نواب احمد علیخان والی رامپور کہ مطربہ بود و گھیا نام داشت گفتہ ؎

خواستم تاریخ گویم ناگہان — گفت زہرہ ارغنون شد بے نوا
۵۷ ۱۲۰۷

بارہ سو پچاس باقی رہے۔ تاریخ وفات احمد خان غفلت رامپوری از تسلیم سہسوانی:

چون بفردوس برین احمد خان — کرد زین عالم فانی رحلت

گفت تسلیم بسال ماتم — طوطی روح برید از غفلت
۱۵۴ ۱۲۹۶

بارہ سو باسٹھ باقی رہے۔ تاریخ وفات غلام نبی خان پدر حکیم مومن خان مومن از مومن ؎

جنازہ اوٹھایا فرشتوں نے آہ — تو قد فاز فوزاً عظیماً کہا

ایضاً تاریخ ولادت دختر ؎

دخترِ روشن روان ہوئی پیدا — کیا ہی چمکا ہے اختر مومن

نال کٹنے کے ساتھ ہاتف نے — کہی تاریخ دخترِ مومن
۱۲ ۵۹

نیز تاریخ عزل کوتوال ۸۱ دہلی ؎

شحنہ دہلی خلق آزار ÷ بچہ افغان رشوت خوار ÷ خوار ہوا بارے اس سال ÷ لوگون کا تہا یار اقبال
نام بتاؤن کیا اے یار ÷ ناموزون ہونگے اشعار ÷ ہان تو پوچھے گر تاریخ ÷ اس سے بہتر کیا تاریخ
سب نے کہا جب چھوٹا کام ÷ اترا شحنہ مردک نام

تاریخ فوت معصوم علی طفل بے مادر از مومن ؎

جو شد معصوم علی از دنیائے فانی ÷ غمہا او دامن دلہا گرفتہ

بسالِ فوت او تسلیم نوشت ÷ ز آغوش پدر معصوم رفتہ
۱۲۸۸ ۵۱۳

بارہ سو تہتر باقی رہے۔ تاریخ فوت نور الحسن نبیرہ کرم علی رامپوری ؎

شنیدم صبحگہ نور الحسن مرد ÷ کہ آن داغ یتیمی داشت برسر

نوشتم اینچنین تسلیم سالش ÷ کہ نور دیدہ شد آغوش مادر
۱۵۰۴ ۱۶۹

بارہ سو تہتر باقی رہے۔ تاریخ وفات میرزا جانجانان شاعرے ؎

زاہل دنیا و از ہمہ اسباب ÷ بود بیزار سبب رفت
۱۲۰۳ ۲۰۰

غفلت

کوتوال

نور الحسن

شب گذشتہ جو از خواب چشم بکشادم | صدائے ہاتف غیبی ز آسمان آمد
کہ خان احمد علی مسند برون ز افغانان | کنون بجاش محمد سعید خان آمد

۸۱۴ ۱۱۸۳ ۸۸۷

(۱۲۵۶) باقی رہے — تاریخ فتح ستارہ گڈہ بدست اولیاے عالمگیری از میر عبد الجلیل بلگرامی سہ

جو شاہ عالمگیر آفتاب عالمتاب | کہ تیغ او ست نگینی کلید فتح اسباب
ستارہ قلعۂ کفار را محاصرہ کرد | بعزم آنکہ نماید بناے کفر خراب
چنان بزلزلہ آمد زمین ز ہیبت او | کہ کوہ گشت چو دریا و قلعہ شد گرداب
جو فتح شد پے تاریخ فکر میکردم | برآمد از تہ دریاے فکر در خوش آب
جو از درون ستارہ جنود شرک برفت | طلوع کرد درو آفتاب عالمتاب

۶۶۶ ۵۸۹ باقی ۸۳ — ۱۰۲۴ حاصل ہے ۱۱۱۱ ہجری

کہا جاتا ہے کہ مدار تکلم کا موافق دانتون انسان کی بتّیس ۳۲ حروف پر ہے جس مین آٹھ مخصوص عربی اور چار فارسی ہین اور بیس حروف مشترک انہین حروف سے دس وہ حروف ہین جنمین مورخین نے بہت بڑا اختلاف کیا ہے وہ یہ ہین الف ممدودہ ۱ باے موحدہ ۲ تاے فوقانی ۳ جیم فارسی ۴ کاف تازی ۵ لام ۶ واو ۷ ہا ۸ ہمزہ ۹ یا ۱۰ اب ہم ان کی علحدہ علحدہ بحث لکھتے ہین الف ممدودہ قواعد و لغات فارسی کی تمام کتابونمین حروف تہجی کے بیان مین الف ممدودہ و الف مقصورہ کی تفصیلین موجود ہین اور ہمزہ کا ذکر نہین بعض کا طلان فن اسطرف ہین کہ الف ممدودہ کے دو عدد لینا چاہیے اور تمام اہل لغت کا یہی مذہب ہے - دیکھو الف ممدودہ پڑھنے مین دراز ہوتا ہے جیسے الف آمدن آوردن - آموختن - آمیختن جبکہ باے زائدہ و نون نفی و میم نہی قبل صیغۂ ماضی و مضارع و امر ونہی کے آتے ہین تو الف ممدودہ کو اگر متحرک ہو یا سے بدلدیتے ہین - اگر ساکن ہو تو ہٹا دیتے ہین جیسے بیامد و بیاورد و بیاموخت و بیامیخت - اسیطرح اور مشتقات مین ہے اور اصل انکی آمد آورد - آموخت - آمیخت تھی - کوکب کاشانی و مخلص اصفہانی اسطرف ہین الف ممدودہ دو الفون کا حکم رکہتا ہی اور اول کلمات مین آتا ہے جیسے آہنگ - آرنگ - آباد - آواز - آزاد - آغا - آکا آرزم آزرم آستر وغیرہ الف مقصورہ وہ ہے جو پڑھنے مین دراز نہو جیسے الف افگندن - افراختن - افروختن - جب باے زائدہ و نون نفی و میم نہی قبل صیغۂ ماضی و مضارع و امر ونہی کے آتے ہین تو مثل الف ممدودہ کے الف مقصورہ بھی یا سے بدلجاتا ہے جیسے بیفگن - بینداز - بیفروز -

عبد الجلیل

الف ممدودہ

متحرک

الف مقصورہ

ہ سقوط عین ۱۲ ساحر سہوانی ۱۲

بیندوز ابوطالب کلیم ہمدانی نے الف ممدودہ کے دو عدد قرار دیے ہیں اور یہی طریقہ اچھا ہے ؎

دادا ایزد بپادشاہ جہان　　خلفے ہمچو نوگل شاداب

چون بدین مژدہ آفتاب انداخت　　افسر خویش بر ہوا چو حباب

طبع دریافت سال تاریخش　　رقم آفتاب عالمتاب

۱۰۲۸

اس مادہ میں بقاعدۂ مرقومہ بالا ایک عدد زیادہ تھا شاعر نے آفتاب افسر خویش انداخت سے اشارہ کیا کہ مد الف جو علامت ممدودہ کی ہے گرا دیا پس اکہزار ستائیس باقی رہے۔ اس ولادت کے متعلق کتب تواریخ اور تاریخ ملا یزدی سے معلوم ہوا کہ یہ ولادت سنہ اکہزار ستائیس میں ہوئی تھی ؎

بگرفت جہان پرتو رخسارش تاریخ　　این شد کہ جہانگیر شدہ نسل جہانگیر

دوسری تاریخ کلیم ہمدانی کی کدخدائی شاہزادہ محمد شجاع کی اور کتب تواریخ میں عقد شاہ شجاع و دارا شکوہ سنہ اکہزار تینتالیس میں لکہی ہے ؎

بہر تاریخ قران کرد رقم کلک کلیم　　مہد جمشید بسر منزل بلقیس آمد

۱۰۴۳

شیخ نظام الدین مصنف مجمع الصنائع نے اپنے والد محمد صالح کا تاریخی مصرعہ تقصید تاریخی میں مثنوی آرام جان سے لیا ہے جس سے اکہزار تہتر (؟) سال پیدا ہوتے ہیں۔ الف ممدودہ کے دو عدد لیے ہیں ؎ بجد و جہد روح و آرام جان یافت ؎ ملک الشعرا فیضی کا اکابر شعراے ہند سے تہا مثنوی نرگس دان میں بمقام نعت لفظ آل احمد کو دو الف سے لکہا ہے ؎

زبان ہفتاد بار از آب گوہر　　بشویم تا برم نام پیمبر

کند پیوستہ کسب نور سرمد　　مہ از خورشید و خورشید از محمد

محمد رحمۃ للعالمین ست　　شفیع جرم بدکاران ہمین ست

محمد با امانی زان تو امان است　　محمد گوئے از دوزخ امان است

۹۲

عدو ثنا ہم بر ارباب عرفان　　ز جز حب محمد نیست ایمان

پیامبر مہد و با جبرئیل است　　میان شان اتحاد از ین قبیل است

نبی ابطحی یعنی محمد　　بحق داعی مسطوح آل احمد

۹۲　　۸۵

ہمین از نقش چہ گویم جز درودش　　کہ صلوا علیہ ایزد ستودش

؎ دو الف کے ساتھ اسطرح مکتوب ہے آل احمد ۱۰۸۵ ۱۲ ساحر سہسوانی

ملا یزدی

نظام الدین

تاریخ فتح از کلیم ہمدانی سے

از جلوہ شاہان فرخ پے فتح	داد از پیہم ساقی دوران فتح فتح
تاریخ فتوحات شہنشاہ جہان	بنوشت کلیم آمدہ فتح از پے فتح

کتب تواریخ مین یہ تاریخ دو الف سے لکھی ہے۔ نواب حسن علیخان اثر تخلص اردو فارسی دونون زبانوں کے شاعر تھے میرے وطن سہسوان میرے جد امجد منشی ریاض الدین احمد ریاض تخلص کے پاس تشریف لائے۔ پس آپ کا تشریف لانا اور فرمایا کہ میرے سہسوان آنے کی تاریخ کہو فوراً منشی ریاض الدین محمد ریاض نے کہا ع مژدہ باد اخود بدولت آمدند ؁۱۲ نواب حسن علیخان اثر نے تاریخ سنکر کہا دوسرے مصرعے کہان ہین ؟ آپ نے جواب دیا سے

مرحبا خان معلے مرتبت	خوش سوے دار الامانات آمدند
مصرعہ گفتہ ریاض فی البدیہہ	مژدہ باد اخود بدولت آمدند

نواب صاحب نے تاریخ سنکر کہا آپ نے موافق قاعدہ کے الف ممدودہ کے دو عدد لیکر مین حق سخن ادا کیا ہے جو لوگ ناواقف ہین الف مقصورہ والف ممدودہ مین فرق نہین کرتے۔ ایضاً تاریخ وفات داروغہ اولاد علی غفور تخلص سہسوانی سے

ای ریاض رفت چون از دہر اولاد علی	ہر یکے از دوستانش شد گرفتار الم
مہر داروغہ بپاسش گفت و بہ گفتا غفور	گفت در گوشم عطارد ارفع او دوخ کن رقم

۱۲۱۶ ۱۲۱۶ ۱۲

تہوڑا زمانہ ہوا سید باقر علی ایک مشہور شاعر گذرے ہین انکی نظم و نثر میری نظر سے گذری ہے۔ راجہ نواب علیخان والی محمود آباد نے طبع دیوان کی تاریخ لکھی ہے سے

بخشم آمد بو این مرقع زروے معنی کشا دبرقع	نوشت در چار رکن مطلع جہار تاریخ کلک مشکبیس
ز شوق ممنون بنظم تحسین کلام او رشک نظم پروین	محیط مضمون سنگرف رنگین بیان شیرین فصاحت آگین

۱۲۹۲ ۱۲۷۶ ۱۲۳۳ ۱۲۸۴

راجہ نواب علیخان نے تاریخ عروس واجد علیشاہ کہی ہے سے در خرگہ سلیمان ارید مہد بلقیس ؂ صاحب گلشن خیال کہتا ہے۔ حالانکہ شاعرین کے نزدیک الف ممدودہ کے دو عدد مسلم ہ ہین انہی گویہ فقرہ زبان قلم مخلص اصفہانی کہا ہے مانا کہ الف ممدودہ مین دو الف ہین اور دو ہی عدد لینا چاہیے مگر سو ہزار جہوٹے گواہ ہونکے سامنے ایک سچے گواہ کا قول کون باور کر سکتا ہے سچ یہ ہے کہ عوام تو ابجد نا آشنا ہین اور فن تاریخ سے بے بہرہ اسی لئے الف ممدودہ اور مقصورہ مین فرق نہین کر سکتے۔

تاریخ ملا محتشم بہ تشریف آوری شاہزادہ آدم نزد ہمایون بادشاہ سے

حسن علیخان
۱۲
غفور
راجہ نواب علیخان
ملا محتشم

تاریخ آن قران طلبیدم ز عقل گفت　　بوسید کام جوے جوان شاہ را رکاب

تاریخ آن مقابلہ کردم سوال گفت　　ماہ عجب رسید بپابوس آفتاب

الف آفتاب کا ایک عدد لیا ہے۔ کسی شاعر نے شاہجہان کی مدح مین قصیدہ کہا ہے جسکا ہر مصرعہ تاریخ ہے

زجود شاہجہان بادشا ملک آرائے　　پدید آمد در شاہوار صد عمان

الف آر اور آرائے کا ایک ایک عدد لیا ہے۔ بنی بھی جنہ بار موافق قاعدہ مروجہ کے الف ممدودہ کے دو عدد لیے مگر اشارہ کردیا تاریخ تولد پسر نقی علی مصور آرام تخلص ؎

زخالق چو فرزند آرام یافت　　دلم خواست تاریخ عالم پسند

ممدودہ تسلیم گفتم بسال　　کہ آمد بصورت کدہ نقش بند

الف ولام تعریف والف جمع والف وصل محسوب ہوتا ہے جیسے من از یار وغیرہ ۔ مولف ؎

باد صبا جرست گلشن غلط مکن　　بوئی گل از کجا وکجا بوے یار ما

شاعرے گوید ؎

شاہ فرستی وہاشمی وخلیل　　زلفین تو ہر دو لام واللیل

تاریخ نتیجۂ فکر مولوی عبد الباسط در وفات دلاور خان شاہجہانپوری۔ ہم دار السلام عند ربہم بما کانوا یعملون ؁

۱۲۶۰ھ

الف تنوین آخر اشعار عربی مین مقام نصب پر لکھتے ہین اور حالت وقف مین الف پڑہتے ہین۔ جیسے یقیناً۔ مطلقاً۔ قطعاً۔ ظاہراً باطناً۔ طوعاً۔ کرہاً۔ مثلاً۔ اصلاً۔ شاعر ؎

شمع از سوزِ دل من گریہ بسیار کرد　　غالباً سوز دل من در دل او کار کرد

لسان الملک مرزا تقی خان سپہر براہین عجم مین لکھتے ہین۔ جو الف عربی الفاظ مین تنوین کے بدل مین آتا ہے جیسے الف عمداً سہواً مرحباً وغیرہ اس الف کو آخر الفاظ مین لکھتے ہین یہ تنوین کی علامت ہے ان حروف کو بمنزلہ الف کے جانین یہ وہ الف نہین جو ملفوظ اور مکتوب ہو۔ مگر گلشن چمن وغیرہ کا قافیہ ہوتا ہے ابو الفرج ؎

شاخ چو کرم پیلہ کو بر خویش　　بر تند گرد خود ہمی عمداً

انتہی کلامہ۔ مولوی معنوی

آن چنان دلہا کہ بدشان ما ومن　　نعل شان شد بل اشد قسوۃً

موسیا در پیش فرعون زمن　　ولہ　　نرم باید گفت قولاً لیناً

آنکہ گوید از تو فات نملۃً　　ایضاً　　ہم باندرا زاین طاق کہن

الف آر

عبد الباسط

براہین عجم

مولوی معنوی

ان تینون اشعار مین قافیہ نون ہی۔ صورت حال نون کے عدد جاہیے ہی۔ قسوۃً نخلۃً مین فوقانی ہی
اور لیثاً مین الف اسکی مثال اور کلام اہل کمال مین نہین دیکھی ایک اور حرف ہے جو ملفوظ حروف تہجی سے
پیدا ہوتا ہے جو کہ بجاے علامت ہے مولوی معنوی ؎

کاف کافی آمد از بہر عباد ۔ صدق وعدہ کہیعص ؛

فردوسی در زلیخا ؎

بیا بشنو از من حکایات را ۔ الر تلک آیات را

خاقانی ؎ کید حسود بدنیب باجو تو شاہ برطلب ۔ خار نیست جفت بو لہب راہ طہ ریختہ

لسان الملک ؎

تو اختیار جہانی جواز رسل احمد ۔ تو انتخاب وجودی چو از بنی یٰس

اور وہی جیسے لکھتے ہین اور پڑھتے بھی ہین۔ الف و واو و یا ہے بہ اشباع فتحہ و ضمہ و کسرہ سے پیدا ہوتے
ہین۔ یہ مضمون لسان الملک کا کوکب کا ثانی لکھا ہے۔ وہ کہتا ہے جیسے لکھتے ہین اور بولتے نہین
الف اور واو اور یا ہے۔ اور یہ کلام عرب مین پایا جاتا ہی جیسے الف آغاز و آورد اور اسیطرح الف ہمیلوان سے
انوری ؎ سنگہ این صنعہ ہمیو ام ۔ دانہ خاک طفل گردوتم
واو اشباع ضمہ سے پیدا ہوتی ہی اور ملفوظ دو واو سے جیسے طاؤس و کاؤس و سیاوش کہ مکتوب
ایک واو ہے۔ فردوسی ؎

چو خشم آورم شاہ کاوس را ۔ کہ او پادشاہ است مر طوس را

مولوی روم ؎

بار دیگر بایدم جستن ز جو ؛ ۔ کل شیء ہالک الا وجہہ

یا اشباع کسرہ سے پیدا ہوتی ہے۔ مولوی روم ؎

شکر نان کردن بحکمت ای رہی ۔ نانکہ حق گفتست کلوا من رزقہ

جواہر الحروف مین الف لفظ است کے بارے مین لکہا ہے کہ ... ب انہا خطاً واما لفظاً تحریر لکھا ہے
بجب حذفہا لفظاً و خطاً الخ ہاے ہوز کے ... الف حذف نہین ہوتا۔ ہاے ہوز خواہ مدورہ ہو
خواہ و اسندار جیسے کردہ است آوردہ است گفتہ است۔ سفتہ است۔ مولف ؎

طرح عنبر وطرازد ... ب خراب فتادہ است ۔ قطرہ در آتش و اخگر در آب فتادہ است
نداند ز چشم کہ افتادہ ام ؛ ۔ ایضاً کہ چون شبنم پشت گم گشتہ است

فردوسی

لسان الملک

جواہر الحروف

جو الف بعد نون و یا کے آئیگا حذف ہو جائیگا ۔ مولف ؎

چہ سازم اگر در حرم باغ جانست | کہ در چنگ شاہین مرا آشیانست

ز جنبش حال میخانہ خرابست ولہ | کہ ساقی ہمچو مے با درد کابست

عزت ابر بہار چشم گریان منست الیضا | یک چمن گل کردہ بر ہر کوک مژگان منست

قتیل

قتیل نے الف سعادت است کو حذف نہین کیا جیسا پہلے گذر چکا ہے واسطرح ہے ؎

ہم حسب ہم نسب مجو لسلیم | عشق خانہ خراب مولد ماست

اس قسم کے الفاظ مین الف حذف نہین ہوتا ۔ مولف ؎

وصل را شوق آرزومند است | دل بدرد فراق خرسند است

؎

گل نظارہ ام رخسار یار است | نگاہم غیرت باغ و بہار است

کتب معتبرہ سے دریافت ہوا کہ الف اسحٰق بعد حا کے اور الف رحمٰن و سلیمٰن و اسمٰعیل و سموات بعد میم کے محسوب نہین ہوگا۔ع حکیم کاشی در تاریخ جلوس شاہجہان بادشاہ ؎

بادشاہ بحر و بر شاہ جہان | کز سخا چون مہر تابان آمدہ

سال تاریخ جلوسش گفت چرخ | وارث ملک سلیمان آمدہ

اسیر شوقی ؎ بادشاہ جہان و شاہجہان | خرم و شاد کامران باشد

حکم او بر خلائق عالم | تا جہان باد و در جہان باشد

باقر گیلانی نے تاریخ جلوس عالمگیر کے فقرون مین نکالی ہے ۔ اور اس قسم کے الف کے عدد نہین لئے ۔

آفتاب ملک احسان سایۂ رحمن پناہ ۔ تاجوران عالم و عالمیان ۔ مرسل اکرم محبت اللہ ۔ پیمبر رحمن شق کن ماہ ۔ مرزا بدیع نصیر آبادی تاریخ قصر سلیمان مین الف کا عدد خلاف قاعدہ لیا ہی ؎

جون شاہ سلیمان شہ اقبال بلند | شد بانی این سکن بہجت پیوند

از من بنشاط کامگاری دایم | در وی بے جاے بادشہ دولتمند

رحمن کا الف لینا خلاف بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ہے کہ کتب مین مسطور اور عوام و خواص کی زبان زد ہے کہ اللہ مین ایک الف ایک ہا دو لام ہین ۔ چنانچہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے عدد ۷۸۶

مرزا بدیع نصیر آبادی

ع ؎ اگر ان جیسے الفاظ کو الف کے ساتھ لکھینگے تو الف محسوب ہوگا اور ان اسمار کی کتابت الف کے ساتھ صحیح ہے جیسا کہ کتب عربی مین مسطور ہی ۔ اسکے متعلق مفصل بیان مینے بدائع الافکار مین لکھدیا ہے ۔ ۱۲ اختر

سعادت سو چھیاسی ہین۔ مولوی دلدار علی مجتہد لکھنوی نے تاریخ وفات نواب آصف الدولہ مین الف

سہہنا محسوب کیا ہے اور بہت بڑی غلطی کی ہے ؎ ہہنا روح و ریحان و جنت النعیم

باے موحدہ اسکے دو عدد ہین۔ بعض لوگ باے موحدہ کو نہ کسی صورت مین لکھتے ہین اور سات عدد شمار

کرتے ہین۔ ایک شخص نے اندرمن کی کتاب کا ردیت شکن لکھا ہے۔ اوسکی تصنیف کی تاریخ جواب

ترکی بہ ترکی لکھی ہے کاملان فن مین کیسی باکے عدد سات نہین لئے یہ اونکی عدم واقفیت کا سبب ہے

مہدی علیخان ذکی کو حکم وقت مجبور کر رہا ہے قریب ہے کہ اونکی ترجمہ حال مین مذکور ہو میرے سامنے مورخ کو

اسطرح کا تصرف نہ چاہئے جیسا کہ اس تاریخ مین یاے موحدہ کو ہا کے ساتھ لکھتا ہے۔ کلام اساتذہ مین

باے موحدہ بشرکت ہاے ہوز کہین نہین آئی۔ تاے فوقانی عربی مین آٹھ معنی مین آتی ہے۔ جسمین سے

دو کو لکھتا ہون۔ ایک تاے تانیث جو اواخر اسما مین آتی ہے اور حالت وقف مین ہا پڑھی جاتی ہے

جیسے ضاربۃ مضروبۃ دروغنۃ وردحتۃ وفاسقۃ ومستورۃ۔ دوم تاے وحدت جیسے تمرۃ

ایک چھوارہ حمامۃ ایک کبوتر اور تاے مصدری بعض مصادر کے آخر مین آتی ہے جیسے نعمت عشرت قناعت

از ہفت قلزم صاحب غیاث لکھتا ہے تاے مصدریہ ضاربیۃ مضروبیۃ و رحمتۃ۔ قناعت غفلت واضح

ہو کہ عربی مین رسم خط تاے فوقانی کی تین قسمین ہین اول تاے دراز جو جمع مین بعد الف کے آتی ہے

جیسے کائنات آیات صفات کرامات۔ اور بعض اسما مین بھی دراز ہوتی ہے جیسے تاے سنبت

نام شہر و دست بفتح سین مہملہ یعنی دشت بشین معجمہ مرادف صحرا نام ایک شہر کا ہے۔ جو تاکہ آخر افعال

عربی مین آتی ہے وہ بھی دراز ہوتی ہے جیسے قالت کتبت ضربت ضربت فعلت۔ دوم تاے مدورہ

معروہ اور وہ پانچ حروف کے بعد آتی ہے۔ دال مہملہ۔ ذال معجمہ۔ راے مہملہ۔ زاے معجمہ واو جیسے اعادۃ

اعاذۃ۔ ادارۃ اجازۃ۔ اخوۃ صلوۃ۔ زکوۃ وغیرہ۔ سوم تاے دستار جیسے اباجتہ۔ احاقہ اجاجتہ

وغیرہ تاے مدورہ دو امثلہ ان احادیث مین موجود ہین لیس الخبر کالمعاینۃ الحروب خدعۃ

المستکم مراۃ المسلم الکعۃ الفارو و لوستوق عرفۃ ان من الشعر لحکمۃ وان من البیان لسحرا

السفر قطعۃ العذاب صاحب ہفت قلزم کہتا ہے تاے دولت۔ شجاعت۔ سعادت۔ رخصت

ع ہہنا کا املا بھی الف کے ساتھ صحیح ہے بس جب الف کے ساتھ لکھا جائیگا ایک عدد محسوب ہوگا۔

ہہنا اور اسحق۔ اسمٰعیل وغیرہ مین کچھ فرق نہین ۱۲۔ منبہ معانی وفاتی سید اقتدار احمد سارکھنوانی

شوکت حشمت ـ عترت کو فارسی میں دراز لکھتے ہیں ـ اور صلوٰۃ و زکوٰۃ حبسی کو مدورہ ـ جو تاکہ وقف میں
ہا سے بدل جاتی ہے جیسے حلاوت و علاوہ رحمت و رحمہ سنت و سنہ ـ دولت و دولہ مرزا قطب الدین مائل
کی وفات کی تاریخ محمد عاکف نے " جعل جنۃ مثواہ " میں نکالی ہے ـ سرخوش نے تذکرہ میں
ضمیمۂ حال میں لکھا ہے غلام علی آزاد بلگرامی نے تذکرہ خزانۂ عامرہ میں اس تاریخ پر اعتراض کیا ہے
کہ سرخوش نے تاے جنتہ کو باملاے عربی لکھا ہے (ہا کی شکل میں) اور بجاے پانچ عدد کے چارسو محسوب
کئے ہیں ـ شیر خان مصنف تذکرہ مراۃ الخیال نے تاے مراۃ کو مدور لکھا ہے ـ اور چارسو عدد محسوب کئے ہیں

این چنین زاری کہ مراۃ الخیالش خواندہ اند ۔ داد از حسن معانی یکجہان حسن کمال

صورت تاریخ انجامش عیان بے پردہ دید ۔ گر قائل بردہ بر وارد ز مراۃ الخیال
۲۱۱ ۔ ۱۲ ۱۳

مولوی فائق ؎

این سخن کہ گوہر مقبول است ۔ تاریخ خزینۃ الاصول است ؛

کتاب مخزن الفوائد کا نام ہے ـ یا بہ ملفوظ تاہے اور مکتوب ہا سے ـ ۱۲ میں ایک فاضل مشہور الہ آباد میں تھے
جن کا نام میں بھول گیا انہوں نے عبارت مہر نواب کاظم علیخان کہ میں خلف نواب محمد سعید خان والی رامپور کی
العزت بید رب الارباب ۔ و لہ الحکم والیہ اللباب ؛ نکالی ہے ـ تاے عزت کے عدد چارسو شمار کئے ہیں ـ
تاریخ مسجد نواب آصف الدولہ از فائق ؎

فائق دوگانہ کرد بمحراب ادا ۔ تاریخ گفت خضر کہ قد قامت الصلوٰۃ
۱۲۰۶ھ

تاریخ وفات خواجہ معین الدین چشتی ؎

سال نقل معین دین ز فلک ۔ زبدۃ الصالحین بگفت ملک ؛

تاریخ وفات جد و جدہ عبد الباسط المیہوی از عبد الباسط خود ؎

گفت ادخلوا سل باحباب ۔ اسکن انت و زوجک الجنۃ ؛

افسوس کہ مولوی احمد حسین صاحب مرادآبادی نے تاریخ انتقال مظہر علیشاہ کی "نحو العاقبۃ للمتقین" کہی ہے
مولف تاریخ وفات مظہر شاہ ؎ برحمتک یا ارحم الراحمین ؛ بہاؤ الدین املی نے تلے "خلاصۃ الحساب"

؎ ہم بھی آزاد کے ہم خیال ہیں متقدمین کا یہی مسلک ہے اور حق یہی ـ اسکی متعلق بھی ہمنے مفصلاً بحث بدائع التاریخ میں
لکھدی ہے ـ چونکہ اسوقت میں تنہا جسم کی حیثیت رکھتا ہوں اسلئے مجھکو زیادہ بحث کرنیکا حق نہیں اور بدائع التاریخ
کا مولف اسیواسطے بدائع التاریخ میں کمیتی سے کام لیا ہے ۱۲ ساحر عفا اللہ عنہ

مولوی فائق

آصف الدولہ

ایک کتاب کا نام ہے ناقرار دیا ہے اور تاریخ عدد لئے ہین - تاریخ مسجد نواب معمور خان ساکن ضلع ایٹہ ضلع ایٹہ از آل محمد مارہروی ۵

تاریخہا سکت من العقل فی السحر   من ہاتف سمعت فقد قامت الصلوٰۃ

اس تاریخ کا مادہ وہی ہی جو فائق نے لکھا ہے صرف سر تاریخ زیادہ کردیا ہے اور واو کے درمیان الف غلط ہے املا غلط تحریر ہوا - اسیر شوق نے تاریخ غسل صحت شاہجہان کی اس درود مین نکالی ہے اور تاریخ غیر منقوط مین ہی "والصلوٰۃ علیٰ خیر خلقہ محمد والہ وصحبہ اجمعین" ۱۲۷۹ کر رہے ہین تاے صلوٰۃ کو منقوط مین داخل کیا ہے - کسی مورخ نے غیر منقوط مین تاریخ کہی ہو اور تمام کو منقوط مین شامل کیا ہے بحق ملائکۃ المقربین وعباد اللہ الصالحین برحمتک یا ارحم الراحمین فوقانی مثلثہ منقوط مین محسوب ہے - تاریخ مسجد اسد علی بیگ ومدد علی بیگ مرزایان مراد آباد از کریم الدین حسرت - رسکہ ہے کہ خراب مسجد کے باعث - شیخ مہدی علی ذکی مراد آبادی نے مسجد موصوفہ کی تاریخ متوجہ الی الکعبۃ المشرفۃ، نکالی ہے - لے کعبۃ وشریفۃ کو ناقرار دیا ہے اور تاریخ عدد محسوب کئے ہین - تاریخ کہنے کے وقت مینے اعتراض کیا - بعض لوگون نے میری موافقت کی اور بعض نے مخالفت حتی کہ مولوی امام بخش صہبائی مدرس فارسی مدرسہ شاہجہان آباد سے دریافت کیا - مولوی امام بخش نے جو جواب مجھے لکھا ہے وہ یہان حرف بحرف لکھا جاتا ہے - اور یہ خط انکی انشاء مطبوعہ مین موجود ہے وھو ھذا ا

مخدوم مشفق مشفق بر شان مقبول کوین منتی انوار حسین زادت عنایتہ - اظہار مضامین شوق کہ غائبانہ در کانون سینہ جون در کوزہ حداد جوش زن است در خور زبان قلم فرسودہ زبان و تاب لسان الکن بیان نیست ناگزیر باہر از دو کلمہ ضروری لب کردہ مے نگارد کہ نامہ نامی و نمیقہ گرامی جون نغمتے کہ وسم وصل آن بیرا مون خاطر گرسنہ از جان سیر شدہ نگردیدہ باشد ودستیاری عنانان تقدیر یک بیک بر مائدہ حضورش

عہ ہمنے صہبائی کا خط بلفظہ نقل کرتا ہے ناظرین خود مطلب سمجھ سکتے ہین حرف تا کی متعلق ہم انتہا لکھدین کا خط مین صہبائی نے تا کے متعلق یہ فیصلہ کیا ہے "اگر تا اسلوب عربی مین ہو تو چارسو عدد شمار ہونگے اور اگر اسلوب فارسی پر تو تاریخ مگر مترجم اسکے خلاف اور آزاد کے ہمخیال ہے دیکھو بدایع التاریخ ۱۲ ساحر سہوانی -

---

عہ سکل مقدی منفیہ ہے مین کے ساتھ اسکا صلہ کہین نہین دیکھا علاوہ یہ تاریخ فائق کی تاریخ سے لی ہی اور یہ اضافہ غیر مستحسن وغیر مستحق ہے اسلئے یہ تکبیر مین قد قامت الصلوٰۃ بغیر تا کے مستعمل ہے ۱۲ ساحر

اسیر شوق

مولوی امام بخش صہبائی

چنین شرف ورود بخشیده هر مضامین مندرجه اطلاع داد وایمائے که در باب تصحیح تاریخ مسجد ریخته قلم
اعجاز رقم شیخ مهدی علی ذکی بر زبان گهربار رفته بود در عرصه آگاهی بار کشاد الحمد لله اگرچه پاے
ملاقات صوری درمیان نبود الا ائتلاف معنوی در جوش و شوق باطنی در خروش بود الا چه معنی داشت
که باوصف کم اعتباری استعداد در خور رجوع ایچ خدمت همین اضعف العباد الله شود و قرعه تقدیم
امور مرجوعه بنام همین قلیل البضاعت افتد بمقتضاے المامور معذور هرچه در کیسه فهم ناقص و در گنجینه طبیعت
کلیل مخزون است پیش کشید و بر طبق عرض میگذارد چون انتعاش این مطلب بر صفحه خاطر مخاطب بر تمهید
مقدمه البته اول نسبت انجام دست می برد بر ضمائر ارباب بصائر مخفی نیست که ذوات حروف را از عروض حالات
چارگانه گریز نیست . یکے آنکه لفظا ملحوظ باشد . دوم لفظ مکتوب . سوم جامع هردو ملحوظ است بصورت
حرفے دیگر مکتوب باشد صورت این اجمال در آئینه تصیقل آینده پیرایه وضوح پوشد در نظر بنایان کاخ
بلند مواد تاریخ صورت مخاطبه از درجه اعتبار ساقط یعنی الف رحمٰن و هاے به و واو داؤد و نون تنوین مثلا این
حروف هرگز دستوش محاسبه و شایسته مواخذه نمی تواند شد و ازین مقام شمرده میشود یکے از ذوات
حروف مدغم و مدغم فیه چون مدّ و درّ و عمّ و فرّخ و امثال آن بکنده لک در واو طاؤس که معتبر همین یک دال
و یک را و یک میم و یک واو است اگرچه ملفوظ خوانند . صورت دوم چون همزه وصل و اعلم و فافهم و امثال
آن و الف لام تعریف چون والرجل یعنی یکے ازینها چون الرجل بدون وصل والف جمع چون ضربوا و ازین جنس
عمروا و یک لام للّه و این بهر آنست که با وجود ادغام دو لام در تحریر می آیند و بمواد تاریخ عدد این همه حروف
معتبر داشته هرگاه اعداد حروف این قسم در معرض لائق اعتبار برآیند . قسم سوم بدرجه اولی شایسته آن تواند شد
چه آن حروف هم ملفوظ اند و هم مکتوب . قسم چهارم چون مصطفےٰ و مجتبیٰ و تجلےٰ و امثال آن که ملفوظ است
و مکتوب یا یا در امثال این الفاظ عدد حروف حروف مکتوب باشند نه ملفوظی یعنی عدد حرف آخر مصطفے وغیره
ده گیرند نه یک و در این محمول اند الفاظ عیسیٰ و موسیٰ و الیٰ و اعلیٰ و حتیٰ که بهمه حساب یا اند باقی ماند لفظ
کعبه شریفه و این دو حال دارد یکے آنکه در اسلوب عربی واقع شده تاے فوقانی ملفوظ شود چون کعبة الله نعة
دوم آنکه بسبب وقف ها بدل شود یا در اسلوب فارسی افتد در صورت اول عدد حرف آخر آن چهارصد شمرده
شود و در صورت ثانی پنج و لهذا درین مصرع تاریخی که در شاهجهان آباد بر سر مسجدی متصل اجمیری دروازه
واقع و قدیم است کنده اند هاے کعبه را پنج گرفته اند (کرد کعبه بنا خلیل الله) خلیل الله نام شخصے
که آنرا بنا کرده بود بهر کیف این لفظ داخل است در قسم سوم و ازین جنس اند قیامت و ساعت در صورت وقف
عمده و سیف الدوله و خفه و حصه و عامه و خاصه و اگر گوئی که چرا در قسم چهارم داخل نباشد چه تاء است

در صورت تا گوئیم که در اسلوب عربی از بن الفاظ مصطفیٰ وغیر آن تفاوت بسیار است زیرا که در اینجا
در حقیقت یا است و بالف بدل شده و یا بجهت آن نوشته اند تا معلوم شود که اصل تحتانی است
و در اینجا خود نیست و آنچه میگویند که تا بصورت تاست مجاز است حقیقت آنست که تا را در رسم الخط در همچو
مقامات همین صورت است گو بصورت دیگر شده باشد و در صورت فارسی تا بدل شده تا گردیده است
اکنون تا نمانده و نظیر این است که مجیب کلماتی که در آن تعلیل بکار میرود چون بالغ و قال و امثال آن
که در اصل آن بن واو است و یا بود از ین عالم است تماشا و تمنا و تقاضا و تماشا که فارسیان بالف خوانند
و نویسند پس بالف محسوب شوند ازین بحث معلوم شد که در علم تاریخ صورت رقمی حروف معتبر است گو خود
بتلفظ نیامده باشد یا بصورت دیگر متلفظ شود چون این مقدمه ممهد شد اکنون شروع در مطلب نمایم
آرے ۔ تا کے سخن از سخن ربائیم ٭ هم بر سر مطلب خود آئیم ٭ میگوئیم تاریخی که از ملازمان سامی نوشته
اند یعنی (متوجه الی الکعبة الشریفیة) از آن قبیل است ۔ که تای کعبه و شریفیه هر دو چهار صد اعتبار کرده شود
نه پنج چه بر اسلوب عربی واقع شده است نه بر اسلوب فارسی چنانکه تاریخی بالا نوشتیم درین صورت
اعتراض بجاست درین مصرع که نوشته اند ۔ تاریخ گفت خضر که قد قامت الصلوة ۔ اگر صلوة را بالفاظ
نبات و ذات قافیه کرده اند تا اعتبار کردن واجب است و پنج گرفتن بیخبری است از قواعد این فن و اگر گیاه
و راه و امثال آن قافیه نمودند پس در حساب پنج محسوب خواهد شد ۔ اینهمه دراز نفسی و طول سخن
باقتضای توضیح مقام اتفاق افتاد و الا کو دماغ و کجا فرصت و با اینهمه بتضیع اوقات مخاطب بنظر
کوته کنیم قصه که عمرت دراز باد ٭ امید که بعد بر جوع بجو خدمتی که سر انجام آن مقدور بیچاره مهجور
تواند بود منت بر سر و دوش نهند و دیگر آنکه متوجه که اگر مرفوع است معنی ندارد و بنا بر حالیه چون در
رسم الخط در امثال اینصورت بالف باید نوشت پس از جمله الفاظی باشد که حروف در آن مکتوب
بود نه ملفوظ چنانچه در قسم دوم دریافت کردی در اینصورت یک عدد دیگر هم افزاید این را
دریافتنی است و در یافت و در یافتنی است این امر بعد از تحریر خط در خاطرم سانح شد که نوشتیم
والله اعلم بالصواب امام بخش مدرس مدرسه فارسی شاهجهان آباد مرقوم هشتم فروری ۱۸۴۲ء
مولف ذکی مراد آبادی ذہین و خوش گو ہیں ۔ مضامین اچھے اور فی البدیہہ لکھتے ہیں جیسا کہ پہلی تاریخ
سے معلوم ہوا ہوگا ۔ دوسری تاریخ یہ ہے

شد چو آغاز طرح این مسجد ٭ صورت کعبه شد بدل منقوش
سال تاریخ ابتدای بنا ٭ هذه قبلة لنا گفت سروش
۴۲ ۵ ۱۲

تاریخ اون مین تا ے قبلہ کے چارسو شمار کئے ہین اور دوسری تاریخ مین تا ے کعبہ و شریفہ کے باپانچ پانچ محسوب کئے ہین۔ اسیطرح کہین یا کے دو عدد لئے ہین اور کہین سات جس سے معلوم ہوا کہ کہ فرکی کا کوئی ٹہیک قول نہین لہذا اونکا کلام قابل سند نہین۔ باقر گیلانی نے نعت رسول پاک مین شاہ عالمگیر کی تاریخ جلوس نکالی ہے تا ے فوقانی دورہ کی بقاعدہ عربی چارسو عدد لئے ہین

الحمد للہ الرحمن المهيمن الباقي المقصود	النبي الكامل الهادي المحمود
رسل اکرم حجتہ امشد	پیمبر رحمتین سنوح کن ماہ

کسی شخص نے ایک شخص کی تجدید ایمان کی تاریخ نکالی ہے۔ عبدالقادر بدایونی نے منتخب التواریخ مین اس تاریخ کو نقل کیا ہے ؎

لقد تاب شیخی عن الحوبۃ	فتاریخہا صادق التوبۃ

شیخ امین بن حسین حلوانی مدنی نے کتاب نشوۃ السکران مصنفہ نواب صدیق الحسن خان امیر ریاست بہوپال کی تاریخ مین تا ے نشوۃ کے چارسو عدد لئے مین ؎

اللہ اکبر هکذا اثار بحنھا	تحل تحتیا النشوۃ السکران

۱۲ ھ ۹۴

منشی امیر احمد لکہنوی نے اپنے دیوان کا نام مرآۃ الغیب رکہا ہے اور اپنے سر بڑا اعتراض لیا ہے نواب کلب علیخان کے دیوان کا نام درۃ الانتخاب تجویز کیا ہے اور اپنے آپ کو مورد ایراد بنایا ہی اسلئے کہ دونون تاریخون مین تا ے مکتوبی و ملفوظی ہے۔ منشی مظفر علیخان اسیر لکہنوی نے تاریخ صحت امداد حسین خان وزیر امجد علیشاہ بادشاہ لکہنو کی اللهم احفظ من البلیۃ کہی ہے اگر تا موقوف ہے تاریخ صحیح ہے ورنہ غلط۔ لکہنو و قرب وجوار لکہنو کے باشندے غلام علی آزاد بلگرامی کی تقلید کرتے مین خود تحقیق نہین کرتے۔ اسمعیل حسین منیر لکہنوی نے وفات مجتہد عراق کی تاریخ مین تا ے حجتہ کو ہا سے بدلدیا یہ سخت غلطی ہے ؎

بہشت عہد زہے قبر حجۃ الاسلام	امیر و اسیر و منیر کا کلام ساقط الاعتبار ہے

؎ چونکہ حرف تاریخ سے غرض تہی اسلئے ایک شعر لکہدیا۔ اور باقی اشعار چہوڑ دئے ۱۲ ساحر عفی عنہ

امثال جیسی تا کو حروف اسماء مین شمار کیا ہے۔ تفسیر فیض سواطع الالہام او رمقامات حریری کے دیکھنے سے معلوم ہو سکتا ہے ۱۲ ساحر عفی عنہ

شیخ کمال الخجندی

جیم فارسی

کاف تازی

کمال خجندی ب[1]

تاریخ وفات شیخ کامل پیداست زرحمۃ من اللہ؛

قطع نظر متحرک و موقوف در اسلوب عربی و فارسی ایک نقصان پیدا ہوتا ہے وہ یہ کہ اگر تاریخ صنعت منقوط یا غیر منقوط مین ہو جیسا کہ پہلے گذرا تو اس حرف کو منقوط مین داخل کرینگے یا غیر منقوط مین اور کیتنے اعداد محسوب کرینگے اگر غیر منقوط مین داخل کرینگے تو تانہ رہا اور چارسو عدد غلط اگر منقوط مین داخل کرینگے تو تا غلط اور پانچ عدد غلط در غلط علاوہ مین نے تا منقوط کسی کتاب مین نہین دیکھی - تیسرے بصورت معطل عبارت و معنی مین بڑا اختلاف ہو جاینگا جیسے لعنۃ اللہ اور لعنت اللہ[2] - جیم فارسی یعنی (چ) صورتًا کاف تازی کیطرح ہی کبھی اول کبھی وسط کبھی آخر مین آتی ہے اور تین عدد محسوب ہوتے ہین مثال ابتدا چکن چکان چیپا مثال وسط اچار و پا چال دیا چنار ایران مین ایک مقام ہے مثال آخر - ایچ پیچ، بیچ - کبھی تنہا آتی ہے اور اوس کے ساتھ ہاے ہوز بھی ہوتی ہے (چہ) ایسی صورت مین آٹھ عدد لیے جاتے ہین جیسے چہ مگوئی چہ میپرسی کاف تازی اسکی دو قسمین ہین اول کاف کلمہ اگر لفظ کی ابتدا یا وسط یا آخر مین ہو تو بیس عدد لیے جاینگے مثال ابتدا کوثر کبوتر کر - مثال وسط دوکان نکان - مکان مثال آخر خاک - پاک تاک دوم مرکب وہ یہ ہے کہ جب کاف مفرد آتا ہے تو ہاے ہوز ملحق ہوتی ہے جیسے (کہ) اور کاف خود مکسور ہوتا ہے جیسے آمد کہ رفت تو اس صورت مین پچیس عدد شمار ہونگے جب اس قسم کے کاف کو کسی حرف یا لفظ سے ملاتے ہین تو اوسکے ماقبل کی حرکت اوس کاف کو دیدیتے ہین کان کون - کین - خواجہ حسن ہروی نے قصیدہ طولانی لکھا ہے اوسکے پہلے مصرعون سے تاریخ جلوس اکبر بادشاہ ۹۶۳ھ اور آخر مصرعون سے تاریخ تولد شاہزادہ سلیم یعنی نورالدین جہانگیر ۹۷۷ھ نکلتے ہین - ابیات قصیدہ -

شاہ شد دہا کہ بانازآسمان عدل و داد	بازوئیا زنہ شد کز مہر ایام بہار
۹۶۳ھ	۹۷۷ھ
للہ الحمد از پی جاہ و جلال شہریار	گوہر مجد از محیط عدل آمد در کنار
۹۶۳ھ	۹۷۷ھ

[1] اس جیسی تا غیر منقوط مین داخل ہوگی دیکھو سواطع الالہام و حریری - ۱۲ ساحر عفا اللہ عنہ

[2] مصرف اتنا فرق ہے کہ تا منقوط ہوگی اور یا غیر منقوط - ۱۲ ساحر عفی عنہ؛

مہر میگوید کہ می زیبد کہ آن تمہ پا دارا | کز پئے زیب و جمال دہر سازم آشکار
۳ ۶ ۹ ۵ | ۹ ۵

کس نیارد ہدیہ زین بہ اگر دارد کسی | ہر کہ آرد گوہر یا جنبے کہ دارد شہریار
۳ ۶ ۹ ۵ | ۷ ۷ ۹ ۵

بعض مورخ جو نکات تاریخ سے ناواقف ہین کاف بیانیہ کے عدد لیتے ہین یہ غلطی ہے ہان اگر ترتیب قطعہ حال اعداد تاریخ ہے تو عدد لینا ٹھیک ہی نون غنہ اسکی دو قسمین ہین اول وہ کہ حروف علت کے بعد واقع ہو یعنی الف و واو و یا کے بعد آئے اور زبان سے تلفظ نہو بلکہ بینی سے ہو جیسے جہان ـ جنون ـ چنین ـ چون ـ جان ـ دوم وہ کہ درمیان کلمہ کے بعد الف کے ہو جیسے نشاند ـ راند ـ جہاند ـ وغیرہ ان دونون صورتون مین نون کے عدد محسوب ہونگے ـ نون لفظی زنک وہ کہ اول مین اسمار و افعال دو حروف کے آئے قریب اسم کے ہے

نے بپائے بروں فتح و نے رائے دران ماند | درماندہ این دائرہ ام ہیچو جلا جل

دیگر قریب فعل نیاید و نیا مدو نستاند و نخواہد ـ اور کبھی حرف پر جیسے ہمزہ خطابی پر جا بجا لکھا ہے ہے

عزیزی نہ از کعبہ از لباس بر ست | بجامہ کہ لباسے رسد قناعت کن

اور نون غنی کی تین قسمین ہین الف ناالف سے دوسری نہ ملے مخفی ہے ـ تیسرے نے یائے تحتانی سے ان تینون صورتون مین اعداد حروف کے لئے لئے جائینگے واو اسکی دو قسمین ہین ایک ملفوظی دوسری غیر ملفوظی ـ ملفوظی وہ کہ بولنے مین آئے خواہ متحرک ہو خواہ ساکن جیسے رضوان دیوان ـ پوشش نوشش ـ غیر ملفوظی وہ کہ جو بولنے مین نہ آئے اسکی دو قسمین ہین ایک معدولہ کہ جسکے فتح ماقبل مین بوئے ضمہ ہو جیسے خواب ـ خوش ـ خورش کہ اسکے ماقبل کو بنا بر رعایت یا مکسور پڑھتے ہین ـ دوسرے یہ کہ ماقبل کو ضمہ کے ساتھ قصر سے پڑھتے ہین جیسے تو و چو وغیرہ ان صورتون مین بھی اعداد واو کے شمار کئے جائینگے ـ ایک جن مجھسے مولوی سلامت اللہ کشفی شاگرد قتیل نے کہا کہ قتیل کہتے تھے مرزا عبدالقادر بیدل واو عطف سر فقرہ دوم کو تاریخ مین نہین لاتے ـ یہ خلاف فصاحت ہی ـ کجا قتیل کجا بیدل کا ملان فن تاریخ فقرہ دوم کو عطف سے محفوظ رکھتے ہین جیسا کہ صنایع و بدایع مین معلوم ہوگا ـ مختصر آیہ کہ باقر گیلانی نے نعت رسول پاک مین

نون غنہ

واو

لطیفہ

ایک سو اٹہتر فقرے مسجع لکہے ہین اور ہر فقرے سے تاریخ جلوس بادشاہ عالمگیر نکالی ہے وہ یہ ہے۔

مہر سپہر جلال و افادت۔ سپہر اوج عزت و حکمت۔ خدیو زمان مہد بساط امن و امان۔ محمد اورنگ زیب بہادر عالمگیر زمان۔ مثال تو وجو موتی طوفان حکایتی است جو از ایک شرسک ٭ تعبیر قلزم است چہ از چشم زار ما ٭ ایضاً بشمسی قمری سال جو شمار تو باشد ٭ تقویم کنم گیسوے نتری را ٭ لا اعلم ؎

شاہ فرنگی و ہاشمی خیل　　زلفین تو ہر دو لام و اعلیٰ

ہاے ہوز ہاے وقف آخر الفاظ عربی مین آتی ہے اور وہ بدل ہوتی ہے تاے قرشت سے۔ اور کبہی تانیث اور تاے مصدری وغیرہ کے جیسے رحمت و رحمہ و دولت و دولہ و حکمت و حکمہ و عاقلہ و بالغہ و زاہدہ و عابدہ و جمیلہ و مستورہ۔ ان صورتون مین ہا کے پانچ عدد محسوب ہونگے۔ ہاے مختفی غیر ملفوظ کتابت سے ساقط ہے جیسے نامہا و جامہا و خامہا و قطعہا و سبوچہا۔ اس ہا کو علیحدہ لکہنا اور اسکے عدد علیحدہ لینا غلطی ہے۔ ہان جب ہاے خطاب ملاتے پانچ عدد لین سعدی ؎

مرا بار یاد حضر دیدۂ　　ز خیل و چراگاہ پرسیدۂ

بعض اساتذہ نے اس ہا کے یاے حقیر خطابی کا بدل لکہا ہے۔ مخلص اصفہانی کی ایک کتاب ضوابط فارسی مین ہے اوس مین لکہا ہے اکثر شاعرون نے تاے فوقانی و ہاے ہوز و ہمزہ کی بحث مین کاغذ سیاہ کیا ہے۔ بعض اسطرف ہین کہ جب ہمزہ کی تحریک سے ہاے ہوز کو جر مین دو چند عدد لین (یعنی دس) جیسے۔ جامۂ۔ بستۂ۔ شکل بیضۂ۔ اور یہ اصل مین یاے نسبتی ہے کہ بعد ہاے ہوز کے آتی ہے۔ اور کتابت مین نہین آتی اور تلفظ مین ہمزہ مکسور سے بدلجاتی ہے اور ہمزہ کی علامت اوپر لکہی جاتی ہے۔ اور یہی حالت یاے خطابی کی ہے جیسے گفتۂ۔ سفتۂ۔ کردۂ۔ اوردۂ۔ انتہی چونکہ بات ٹہیک ہے مین قبول کرتا ہون۔ صاحب ہفت قلزم کہتا ہے ہاے کلمہ جو کہ مختفی آتی ہے وہ ہے کہ جو تلفظ مین نہ آئے اور اسکی حرکت ماقبل پر اکتفا کرین اور وہ حرف کبہی ممدودہ ہوتا ہے کبہی مقصورہ۔ جیسے کہ و چہ و پروانہ و دیوانہ و دیدہ و غنچہ و شانہ و کاشانہ و سایہ و مایہ و خوشہ و توشہ۔ مثال لفظ دیدہ مولانا صنائی ؎

بسکہ در سر ہوس روے تو دارد دیدہ　　پشت سوے من و روے سوے تو دارد دیدہ ٭

اگر مقصورہ ہے تو تقطیع شعر مین اور ہا کے ساتھ جمع بنانے مین حذف کیجائیگی۔ اور اگر ممدودہ ہو اور ماقبل مفتوح ہو یاے مجہول سے بدلجائیگی صرف تلفظ مین نہ کتابت مین۔ اور حساب ابجد مین دونون صورتون مین محسوب ہونا ضرور ہے جیسے (کہ) و (چہ) چہ کے آٹہہ عدد محسوب ہونگے

ہاے مختفی

ضوابط فارسی

ہاے کلمہ

اور کہ کے بجیس اور جس مصرعہ مین اظہار حرکت ماقبل کے لئے لاتے ہین غلط ہے اسلئے کہ اکابران فن کے کلام مین اسکی مثال نہین دیکھی ہمزہ ء ایک حرف ہی کہ حروف ابجد مین نہین ہمزہ ہمشکل کاف کے اور کچھہ سخن ہوتی ہے۔ صاحب کوکب دری لکھتا ہے جن الفاظ کے آخر مین ہائے مختفی ہوتی ہی اوسکی اضافت کو خط سخنی سے لکھتے ہین یعنی اوس کے اوپر ہمزہ لکھتے ہین۔ جیسے گریۂ عاشق۔ خندۂ معشوق۔ واضح ہو کہ خط سخنی جسے ہمزہ کہتے ہین اوسکی کوئی صورت مقرر نہین۔ عربی مین کبھی الف کبھی واو کبھی یا سے بدلجاتی ہے جیسے ہذا جزؤک و رایت جزاک۔ و نظرت الی جزئک۔ صاحب غیاث لکھتا ہے۔ الف بفتح اول و کسر لام حروف تہجی مین سے ایک حرف کا نام ہے اور وہ خط مستقیم ہے کہ کسی لفظ کے درمیان یا آخر مین ساکن بغیر ضغطۂ زبان کے واقع ہو اگر ابتدا سے لفظ مین متحرک ہوتا ہے یا اواخر الفاظ مین ساکن ضغطۂ زبان کے ساتھہ اوسے ہمزہ کہتے ہین۔ مگر عرف و محاورہ اہل فارس و عرب مین خواہ ساکن ہو خواہ متحرک دونون صورتون الف کہتے ہین الخ اکثر ثقات تاریخ گو اوس ہمزہ کو جو الف کے بعد آتی ہے قایم مقام الف کا جا کر حساب کرتے ہین۔ چنانچہ ایک شخص نے تاریخ وفات میر یحیی کاشی نکالی ہے یہ وفات ایکہزار چونسٹھہ مین ہوئی تھی؎ احیاء سخن جو کو یحیی جان داد۔ نعمت خان عالی در قطعہ ہزل کا منگار خان پسر عمدۃ الملک جعفر خان وزیر عالمگیر سنہ ایکہزار اٹھانوے مین کہتے مین؎

پیش اہل دل بود تاریخ گفتن فرض عین	باخرد گفتم سخن را دستگاہی مند کیع
تو جائز کرد اینجا التقاء ساکنین	حرف مدرا ساخت مدغم پیرعقل آگاہ گفت

عبد الجلیل بلگرامی کہ شعرائے پایہ تخت فرخ سیر بادشاہ مین تھے تاریخ جلوس نکالی ہے۔ وہ سن گیارہ سو چوبیس اس تاریخ سے نکالے ہین (یوم تہنا من نساء) فارسی مین ہمزہ نہین لکھتے اور جو ہمزہ کہ بعد الف کے آتی ہے اوس کے بدل مین یائے تحتانی لکھتے ہین۔ قاعدہ عربی۔ فارسی مین جاری کرنا نازیبا ہے۔ حق پسند طبیعت کبھی قبول نہین کریگی۔ باقر گیلانی نے جو نعت رسول پاک مین تاریخ جلوس عالمگیر نکالی ہے اوس مین مثال ہمزہ و تحتانی عربی و فارسی موجود ہین۔ ملجاے دوسرا امام المتقین + مکرم جہان سید المرسلین + ایضاً

۱۰۶۸ ۱۰۶۸

؎ قسیلۃ العواد مین آزاد کی تاریخین موجود ہین ان مین کہین ہمزہ محسوب ہی اور کہین نہین۔ اسکے متعلق بھی سحفہ بدایع التاریخ مین بحث کی ہی۔ سید اقتدار احمد ساحر

همزه

صاحب غیاث

نعمت خان عالی

باقر گیلانی

سمائے حکم و سخا و مہ جمال و کمال	پناہ تاجوران کا سمان منیفہ جہان

ملجائے و سمائے میں ہمزہ تحتانی ہے۔ عربی میں ہمزہ کبھی اول کبھی اوسط کبھی اخیر میں آتی ہے۔ اور اپنی ہی صورت پر رہتی ہی۔ مثال اول یقولون ءِ انا لمردودون فی الحافرہ - ءِ اذا کنا عظاماً نخرہ مثال وسط لیسئلونک اولئک ۔ اسئلک ۔ مثال آخر اذا جاء ھاشاء کسی دہلوی نے تاریخ وفات مرزا مظہر (اولئک مع الذین انعم اللہ علیھم) ہمزہ کے دس عدد جوڑ کئے ہیں جس سے سنہ ایکہزار بچانوے پیدا ہوتے ہیں بعض اس تاریخ کو ثناء اللہ پانی پتی کیطرف منسوب کرتے ہیں ؎

آن حضرت میرزائے مظہر	جانجانان حبیب اللہ
شمس دین بود قطب ارشاد	فرزند رشید حضرت شاہ
در وصف کمال او زبان لال	دست عقل و خیال کوتاہ
آن تابع سنت پیمبر	انگشت شہادت ید اللہ
غواص بحور بطن معنی	از رمز مقطعات آگاہ
از دست لئیم ابن ملجم	نوشید چو بر دانش بر نہی گاہ
از حب رسول و یار غارش	گینہ نگرفت زان علی جاہ
آن شب کہ صباح بود عاشور	با ابن رسول گشت ہمراہ
تاریخ شہادتش ازان شد	اولئک مع الذین انعم اللہ

اولئک وسیئلون صورت تحتانی سے مکتوب ہیں لیکن اذا جاء وما شاء کی ہمزہ ایک ایک عدد کی مستحق ہیں ۔ لوگ کو شدہ لکھ کو ہم اعداد کہتے ہیں اور ہمزہ محسوب نہیں کرتے مخلص اصفہانی نے ضوابط میں لکھا ہے لفظ (دوم) دومرے کے معنی میں زیادتی تحتانی سے یعنی دوئم خلاف قاعدہ ہے اسلئے کہ اسکی امثال میں تحتانی کسی جگہہ نہیں آئی صاحب بہار عجم کہتا ہی (دوام) بفتح ہمزہ بھی آیا ہے میں کہتا ہوں نظم اساتذہ میں بہت کم آیا ہے اور صحیح دوم بغیر تحتانی کے ہے ۔ جب ایسے مقام پر ہمزہ لکھتے ہیں تو بقاعدہ فارسی ہمزہ کو یا سے بدل دیتے ہیں ۔ جیسا کہ نظیر نیشاپوری نے تہنیت تولد عبدالرحیم خان میں لکھا ہے ؎

تاریخ تو بر جبہہ ایام نگار است	صبح دوئم از مشرق اقبال دمید
	۱۰۰۵

حسن بہرہی نے تاریخ جلوس اکبر بادشاہ و تولد شاہزادہ سلیم بن قصیدہ لکھا ہے ؎

مصرع اول زدہی سال جلوس بادشاہ ؏ ازدویم مولود نوردیدۂ عالم برآر

یاے تحتانی

یاے تحتانی وہ یا کہ علامت صیغہ کی ہو یا جزواں کا جیسے آئی و آئینہ دائم جو اشتراک سے پڑہی جاے یا مصادر باب تفعیل مین جیسے تمیئز تائید۔ تزئین و آئین یا نسبتی ہو جیسے دریائی۔ صحرائی یا خطابی ہو جیسے گردئی و سمن بوئے یا مصدری جیسے گدائی و دارائی وغیرہ ان صورتون میں یا کے دو چند عدد لئے جائینگے یعنی بیس اسلئے کہ تلفظ و کتابت دونون مین ہین اسطرح یاے تحتانی مصائب و قائل و مائل و حائل و سائل و جائز و فائز وکائنات و فائض و قائق و طائف و لطائف و زائرہ و مائدہ و فائدہ و فوائح و لوائح و عجائب و غرائب وغیرہم مین دس عدد لینگے۔ اگرچہ یاے تحتانی ہمزہ سے بدل ہے اور تلفظ مین نہین مگر کتابت مین موجود ہین جو لوگ اس قسم کی یا بر ہمزہ لکھتے ہین اور دس عدد لیتے ہین غلطی کرتے ہین اس لئے کہ اس یا کی صورت دو یا کی ہے جیسے باد و یاے خرابی و تاو یاے حیائی و تا و یاے ارنی اسیطرح یاے

یاے کیے ولیے

(کیے ولیے) پر ہمزہ لکھنا غلط ہے اور رسم الخط کے خلاف ہی اور کاف و یاے عمدا کی اور لام و یاے خوشحالی سے زمین و آسمان کا فرق ہے۔ اسلئے کہ کاف و یاے (کیے) اور لام و یاے (لیے) مین ایک شوشہ ہوتا ہے وہ پہلی یا کی علامت ہی۔ پس ضرور ہی کہ اس قسم کی یا کے بیس عدد شمار کیئے جاینگے۔ حرف ما کہ بعد الف اور واو کے آتا ہے ہمزۂ مکسو زائدہ یا سے بدلے آتے ہین جیسے طلائی کہربائی۔ مومیائی کثبوئی۔ سالوئی لاادری ؎

زرد چون سر عشاق بباد ؏ بستہ چہرہ بسر سالوئی

اس قسم کی یا کے بیس عدد لئے جاتے ہین اور اگر بعد ہاے مخفی کے آتے تو کہین ہمزہ مکسور سے بدلجاتی ہے لاادری ؎

بستہ جامہ تا بجبر کردہ ؏ سر وبا خار در نظر کردہ

بستہ مین اعداد ہا کے لئے جاینگے اسلئے کہ با کتابت مین نہین ہی۔ یاے مجہول کو ناسخ لکھنوی و ذوق دہلوی نے قوافی بجاے بلبل و صداے بلبل و جاے بلبل۔ لڑاے بلبل۔ باے بلبل۔ ہاے بلبل آے بلبل جاے بلبل۔ زیر پاے ہے او ٹھنے کی جاے ہے۔ زنجیر در کہڑ کاے ہے۔ تلوا مرا کہجلای ہی مین لکہا ہے۔ یہ خلط بحث ہے پاے وجاے مین یا اصلی ہے۔ اور صدا و نوا مین اضافت۔ لڑاے پاے۔ آے۔ جاے۔ کہڑکاے۔ کہجلاے مین دو یا چاہیے اسیطرح روے روئی اور ہوے اور ہوئی۔ باقر گیلانی۔ بدر برج حکم کعبہ کائنات۔ کرسی مقام قبلۂ موجودات۔ کعبۂ مطلوب دارین

۱۰۶۸ء ۱۰ ح ۶۸ ۱۰ خ ۰۸

قبلۂ کائنات ۔ نبی اہل جہان اشرف موجودات بعض تاریخ گو مصلحت سے تاریخ کہتے ہیں جیسے اسمعیل حسین منیر لکھنوی نے لفظ (آئی) کو اپنی یادگار بنایا ہے ؎

تاریخ اس عطیہ کی منیرؔ کہی منیر — انگشتر زمرد پاکیزہ (آئی) آج

یاے تحتانی کو ہمزہ سے بدلدیا ؎ چہیتی کمال شکوہ شہانہ سے (آئی) اس تاریخ میں آئی کو دو یا سے لکھا ہے ؎ اب شفا زخم سے نصیب ہوئی ۔ ہوئی میں ایک یا محسوب کی ہے ۔

کہی دوسری میں نے تاریخ اور — حضور جناب نبی میں گئے

گئے میں دو یا محسوب ہیں ۔ صاحب ہفت قلزم لکھتا ہی جو یا کہ عربی میں الف سے بدلجاتی ہے یا سے لکھی جاتی ہے اور الف سے پڑھی جاتی ہی فارسی میں اوسکا الف سے لکھنا جائز ہے جیسے ۔ تمنا ۔ تولا ۔ تماشا ۔ ماجرا ۔ مامضا عربی میں اسطرح مکتوب ہے ۔ تمنے ۔ ترجے ۔ تولے ۔ تماشے ۔ ماجرے ۔ مامضی ۔ شاہ بہاؤ الدین عرف حبیب اللہ شاہ بشیر تخلص نے ارمغان دہلی کے حصہ اول کی طبع کی تاریخ کہی ہے ؎

بشیر القصہ جب نقش سال اوسکا کیا میں نے — سروش غیب نے ترغیب ان محکو بایمای کی؛
نمایان مصرعہ تاریخ مطبوع طبایع ہے — عجب لکھی گئی گوشیح اردوے معلی کی

اس قطعہ میں قافیہ افزا ہویدا ۔ ایما ۔ دنیا ہے معلی یا کے ساتھ محض تاریخ کے لئے ہے ۔ الف کے قافیون میں عربی قاعدہ جاری کرنا غلطی ہے ۔ اسیطرح موئی ۔ دوئی ۔ سوئی ۔ توئی ۔ دلجوئی ۔ گوئی دو یا سے میں مذاقیہ تاریخ اسقاط حمل زوجہ خوشی سنگھہ منعم مولف ؎

کہا مجھسے منعمؔ نے بہیرؔ کا حال — گرا پیٹ اوسکا ہوئی آہ موئی
وہیں میں نے سمت میں مصرع کہا — خوشی سنگھہ منعم کی بہیرؔ توئی

سمت ۱۹ ۱۹

تاریخ طبع دیوان وقار از منشی امیر اللہ تسلیم لکھنوی ؎

لکھا مصرعہ بہر سال تسلیمؔ کلک رنگین نے — چھپا دیوان یا تصویر گوئی مرقع ہے

گوئی میں دو یا محسوب ہیں ۔ مثال بدل و مبدل منہ ہمزہ تحتانی حسین ہروی نے قطعہ لکھا ہے جسکے اخیر مصرعون سے ۹۷۷ھ تاریخ تولد شاہزادہ سلیم یعنی نور الدین جہانگیر ۔ اور پہلے مصرعون سے ۹۶۳ھ تاریخ جلوس جلال الدین محمد اکبر بادشاہ نکلتی ہے ؎

